اصلی
فالنامہ قرآنی
مکمل
مدلل
GHIYAS
امین برادرس کراچی

اللہ خیر حافظاً وھو ارحم الراحمین

کام شروع کرنے سے پہلے!

آپ اس فالنامہ سے مشورہ حاصل کریں۔ انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوں گے مثلاً شادی بیاہ، روزگار، سفر عزیزانِ گمشدہ و غلامانِ فرار شدہ، محبت و دیگر امور کیلئے واحد

مصطفائی
فالنامہ قرآنی
جدید

مدلل و مکمل

مولفہ

سید رضی حسین جونپوری خلف اکبر السید مصطفیٰ حسین صاحب مرحوم عامل و جفار

پرنٹر پریس شیراز نوری

امین برادرس ناشران و تاجران کتب پوسٹ بکس ۱۴۵ آرام باغ روڈ کراچی ۱

مقدمہ

زیرِ نظر کتاب جس کی ترتیب مولف مندرجہ کتاب ہٰذا کے ذریعہ عمل میں آئی ہے۔ اس بزم میں انفرادی حیثیت کی مالک ہے۔ یوں تو بہت سی کتابیں فالنامہ کے نام سے عالمِ وجود میں آچکی ہیں۔ اور نہ معلوم کتنی آتی رہیں گی لیکن اب تک کی کتابوں میں مجھے وہ خوبیاں نظر نہیں آئیں جو اس کتاب میں نظر آرہی ہیں اور ان الفاظ کا اظہار میں اس لئے کر رہا ہوں کہ ایک عرصہ سے میرا ذوق اس قسم کی منازل کو بہت دلچسپی کے ساتھ طے کر رہا ہوں اور آپ تعجب کریں گے کہ اس منزل پر رواں دواں ہونے کے بعد میں نے کھویا کچھ نہیں ہے بلکہ پاتا ہی رہا ہوں۔

قرآن مجید کی آیات کے پیشِ نظر خواہشات انسانی کا لحاظ رکھتے ہوئے ترجمہ کی روشنی میں جوابات کا تحریر کرنا ایسا آسان کام نہیں ہے۔ جیسا کہ آجکل کے مصنفین و مولفین نے سمجھ رکھا ہے۔ جو علمی معلومات سے یہاں تک نابلد ہیں کہ لفظ کثرت جس کے معنی زیادہ۔ بہت۔ بہتات کے ہیں۔ ث۔ ص۔ س کس لفظ سے لکھنا صحیح ہوگا۔ پھر آپ خود غور فرما سکتے ہیں کہ ایسے مولف یا مصنف کی ترتیب یا تصنیف کی ہوئی کتاب کہاں تک قابلِ اعتماد ہوگی۔ میری ان باتوں میں آپ کو اس وقت وزن محسوس ہوگا۔ جب آپ بھی میری ہی طرح مضامینِ کتاب پر تنقیدی نظر ڈالیں گے۔

نعیم الدین قریشی
اکبر آبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن مجید سے فال دیکھنے کا طریقہ

فال دیکھنے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اول پاک صاف ہو کر یعنی ناپاکی کی حالت نہ ہو وضو کرے اور دو رکعت نفل ادا کرے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ اخلاص (قل ہو اللہ) سات بار اس کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار پھر آخر میں درود شریف تین بار پڑھ کر سرکار دو جہاں رحمت عالمین محبوب خدا جناب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ہدیہ پہونچائے اور کہے کہ اے اللہ پاک اپنے محبوب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے طفیل اس حقیر بندے کو وہ بات بتا دے جو تیرے اس بندے کا مدعا ہے اور جس کو تجھ سے بہتر جاننے والا کوئی دوسرا نہیں۔ اے تمام جہان کے خالق یہ تیرا بندہ گنہگار تجھ کو تیرے محبوب پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا واسطہ دیتا ہے کہ اس بندہ کا جو مقصد ہے اس کے جواب باطنی سے آگاہ فرما۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر آنکھ بند کرے اور بہ صدق دل انگشت شہادت حروف مندرجہ مخمس ذیل پر رکھے آنکھیں کھولے اور دیکھے جس حرف پر انگلی پڑے اس حرف کو فالنامہ ہذا میں دیکھے جو کچھ ہدایات تحریر ہوں تو اس پر عمل کرے۔ جو کچھ حرف متعلقہ میں تحریر ہوگا وہی اسکا جواب ہوگا

فالنامہ قرآنی

د	ث	و	ک	ی	ش
ظ	ن	ب	ل	ا	ض
لا	ع	ج	م	خ	ذ
ء	س	ر	ہ	ق	ت
ے	ف	ط	غ	ز	ح

الف

قولہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیری پریشانیوں کو کافی وقت ہو گیا ہے۔ اور مالی نقصانات بہت برداشت کر چکا ہے جس شخص کے ساتھ نیکی کرتا ہے وہ برائی سے پیش آتا ہے۔ اے صاحب فال تجھکو خوشی اور بشارت ہو کہ پریشانی اور مصیبت کا دور نکلنے والا ہے۔ اس لئے مالی نقصانات سے محفوظ رہے گا۔ اور ساری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ اگر نیت تیری سفر کرنے کی ہے تو بسم اللہ۔ اللہ اور رسول کا نام لے بروز ہفتہ سفر کر بہت جلد فائدہ ہوگا۔ اور تیرے سارے بگڑے کام درست ہو جائیں گے تجھکو اپنے دوستوں اور عزیزوں سے خوشی حاصل ہوگی۔ اگر کوئی غائب ہے تو ملاقات کی قوی امید ہے اور اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو وہ بھی بفضلہٖ تعالیٰ مل جائے گی۔ ہر قدم مردانہ وار رکھ اللہ تعالیٰ مدد کرے گا۔ ہاں درود شریف کی اور بعد نماز عشاء ایکہزار بار یا اللہ کی وظیفہ خوانی کر تا کہ جلد مشکلات سے گلوخلاصی ہو۔ ہر ہفتہ تیل اور ماش حسب حیثیت صدقہ دے۔

ب

قولہ تعالیٰ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ہ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تو کافی عرصہ سے گردش میں مبتلا ہے۔ روزی کی طرف سے تنگ ہے۔ اپنے دوستوں اور عزیزوں اور عزت نہیں رہی۔ لوگ طرح طرح سے نقصان پہونچانے کے درپے ہیں۔ تو مایوس نہ ہو انشاءاللہ تعالیٰ چند روز کے بعد مسرت اور راحت سے ہمکنار ہوگا اور مدت سے جس چیز کی تجھکو حاجت تھی اب جلد ہاتھ آئے گی کھوئی ہوئی عزت کو حاصل کرے گا اور آمدنی کا ذریعہ پیدا ہوگا۔ دشمن کی مخالفت جاتی رہے گی۔ سفر کی نیت ہے تو کا ضرور سفر کر اور بعد نماز جمعہ بساعت زہرہ سفر مناسب و مبارک ہوگا۔ انشاءاللہ سفر میں کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی غائب ہے تو بعد کامیابی واپس آئے گا۔ بیماری سے پریشان ہے تو انشاءاللہ شفا ہوگی اور تو اپنے مقصد میں ہر طرح سے کامیاب رہے گا۔ بروز جمعہ مونگ اور روغن زرد حسب استطاعت صدقہ دے کہ صدقہ ردِ بلا ہوتا ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر فرض و سنت ایک سو بار یَا بَصِیْرُ کی تلاوت کیا کر۔

ت

قولہ تعالیٰ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَکُمْ کَمَا سُئِلَ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ یہ جو پریشانی لاحق ہیں محض چند دنوں کی ہیں ان سے گھبرانا ہمت مردانہ سے بعید ہے بُرے خیالات سے پرہیز کر مستقل مزاجی اور دیانت داری سے کام

نے اور چند روزہ صبر کر تاکہ تیرے جملہ کام بخیر و خوبی انجام پائیں۔ اگر کوئی بیمار ہے تو اس پر چند روز سخت ہیں ایک بکرا صدقہ دے اور اگر غربت حاصل ہے تو ۲½ پاؤ گوشت قصائی کے یہاں سے لیکر مریض پر سات مرتبہ صدقہ کر کے آسمان پر اڑنے ہوئے گوشت خور جانوروں (چیلوں) وغیرہ کو کھلا تاکہ مریض جلد شفایاب ہو۔ اگر کوئی غائب ہو گیا ہے تو یقین رکھ کہ وہ کہیں دور چلا گیا ہے۔ جسکی جلد واپسی کی امید نہیں ہے اور وہ کسی تکلیف میں بھی مبتلا ہے اور اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو وہ ظالم کے ہاتھ آ گئی ہے۔ سفر نہ کر کہ باعث پریشانی ہوگا منگل کے روز ایک سیر گندم ایک گرہ ہلدی رکھ کر صدقہ دیا کر کہ رد بلا ہوگا۔ اور بعد نماز عصر ۲۶ بار یا تواب کا روزانہ تازندگی تلاوت کیا کر۔

ث قولہ تعالیٰ ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تو نے اپنا کام اپنے ہاتھوں بگاڑ دیا ہے۔ اگر تو صبر کرتا تو فائدہ حاصل کرتا۔ دل کی سختی کو دور کرنے کا واحد علاج خوف خدا ہے۔ غریبوں کی امداد کر اور اللہ اور رسولؐ کی یاد سے غافل نہ رہ۔ اگر کوئی شخص تیرا غائب ہے تو اس کی خبر جلد آجائے گی اور انشاء اللہ اس سے بخیریت ملاقات ہوگی۔ اگر بیماری کی شکایت ہے جلد شفا ہوگی۔ مگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو وہ بھی مل جائے گی۔ ایک دوست کی طرف سے تجھ کو ہدیہ ملے گا۔ مگر خدا کی اطاعت میں کاہلی نہ کر۔ ہر روز منگل صدقے نقرہ اور چاول و شکر حسب حیثیت جس کی مقدار ایک سیر سے زیادہ نہ ہو۔ صدقہ دیا کر۔ درود شریف کے ورد کی کثرت کر اور ۴۸ بار بعد ادائے دو رکعت نماز زیر آسمان یَا مُهَيْمِنُ کی وظیفہ خوانی کر۔

ج قولہ تعالیٰ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ہ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ جسمانی اور روحانی تکلیفیں دور ہونے والی ہیں۔ اگر شادی کا ارادہ ہے تو جلد تیری شادی ہو جائے گی۔ اگر مقروض ہے تو قرض ادا ہو جائے گا۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔ بعد نماز عشاء آٹھ نفل پڑھ اور سو مرتبہ درود شریف کا ورد کیا کر۔ ارادہ سفر ترک کر دے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ اگر کوئی غائب ہو گیا ہے تو کچھ دنوں کے بعد واپس آئے گا۔ ہر کام کی ابتداء جمعرات کے دن اور ساعت مشتری سے کیا کر۔ روز پنجشنبہ ایک مسکین کو کھانا کھلایا کر جو کچھ تجھ کو میسر آوے اور بعد نماز عشاء سوا سو بار یَا جَبَّارُ کا مستقلاً وظیفہ خواں رہے۔

خ

قولہ تعالیٰ خٰمٓ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیرا بہ آسانی مطلب حاصل ہوگا۔ بزرگوں اور اپنے عزیزوں سے تجھکو خوشی حاصل ہوگی بسفر کرنا مبارک ہوگا۔ مراد حاصل ہوجائے گی۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہے اس کے ملنے کے امکانات ہیں۔ اگر بیمار ہے تو صحت سے ہمکنار ہوگا۔ ایک بزرگ سیرت ہستی کی رہنمائی سے تو اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگا۔ دشمن مغلوب ہوگا۔ اس لئے اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی مقدمہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔ لیکن عجلت کو راہ نہ دے بروز پنجشنبہ سفید چیز کھانے کی مثل دہی چاول صدقہ دیا کر اور درمیان نماز ظہر و عصر باوضو ہو کر یَا حَکَمُ کا لاتعداد ورد کیا کر کہ خوشی سے ہمکنار رہے گا۔

خ

قولہ تعالیٰ خَلَوْا مِنْ قَبْلِکُمْ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ جذبات پر قابو حاصل رکھنے کی کوشش کر اور ضد اور خود رائی کو کام میں نہ لا کہ یہ باعث نقصان ہے فکر و اندیشہ کو دل سے دور کر دے اور اگر کوئی غائب ہوگیا ہے تو وہ بخیر گھر واپس آوے گا لیکن واپسی دیر میں ہوگی بسفر اور شادی سے ابھی باز رہ کہ تیرے حالات ساز گار نہیں ہیں۔ اور اگر نہ مانے گا مبتلائے ندامت ہوگا۔ اشیاء گمشدہ کی واپسی اگر ناممکن نہیں تو محال ضرور ہے۔ اگر بیمار ہے تو مرض شدت اختیار کرے گا لیکن آخر میں جیت تیری ہی ہوگی بروز شنبہ تل ماش اور مونگ حسب استطاعت صدقہ دیا کر اور بعد نصف شب جب کہ تیرے گھر والے سب سو جائیں زیر آسمان سر برہنہ دو رکعت نماز ادا کر اور اس کے بعد ایک سو ساٹھ بار یَا خَالِقُ کی وظیفہ خوانی اس وقت تک کرتا رہ جب تک کہ تیرے حالات استوار نہ ہوجائیں۔

د

قولہ تعالیٰ دِمَآءَکُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیرے تمام جائز مقاصد پورے ہوں گے پریشانیوں کا دور جاتا رہے گا۔ امن و آسائش حاصل ہوگی۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے اور تجھے ان پر فتح حاصل ہوگی۔ اگر بیمار ہے تو صحت پائے گا۔ اگر سفر کی نیت رکھتا ہے تو بسم اللہ دیر نہ کر اگر اب تک نعمت اولاد سے محروم ہے تو رنج نہ کر انشاء اللہ تیری آرزو پوری ہوگی اور اگر شادی نہیں ہوئی ہے تو رفیق زندگی (رفیقہ حیات) ہر لحاظ سے بہتر ملے گا۔ اشیاء گم شدہ یا اس کا نعم البدل جلد حاصل ہوگا۔

بروز پنجشنبہ تل سفید [illegible] پاؤ سوا گز کپڑا سفید اور سوا پاؤ چاول تمام صدقہ دیا کرے
درمیان مغرب و عشاء ۱۱۲۵ بار یا جلیل کی وظیفہ خوانی کا پابند رہے۔

ف

قولہ تعالیٰ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تجھ
کو کاروبار میں ترقی اور ہر جائز معاملات میں کامیابی حاصل ہوگی وہ دور
بہت جلد آنے والا ہے اور اس معاملہ میں اب جو تو ناکام رہا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ
یہ ہے کہ تجھے اپنے رفیقوں اور دوستوں پر اعتماد نہیں رہا۔ بدگمانی نے تیرے دل میں گھر بنا لیا
ہے جسکو دور کرنا تیرا اولین فرض ہے تعلقات کو خوشگوار رکھ بدگمانی اسلام میں جائز نہیں اور
اسی وجہ سے شرکت کے کاموں میں تجھکو نقصان رہے گا مصیبت میں ہمیشہ شکر کو آلۂ کار بنا ترک سفر
بہتر ہے۔ بروز جمعہ روغن زرد و قند سفید اور ایک مرتبہ مرغ سفید اخیر نقص کا صدقہ دے قند
و روغن حسب استطاعت ہے۔ اور بعد ہر نماز ۵۰ بار یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام کا ورد دائمی
رکھ جس کی بنا پر تو رنج کے نقصان سے ہمکنار نہ ہوگا اگر شادی نہیں ہوئی ہے تو رفیق حیات بہتر ملے
گا گم شدہ چیز واپس آئے گی اور بیمار کو صحت ہوگی۔ عزیزان خود غرض درپے آزار نہ ہو سکیں گے اور
اگر ہوئے تو ذلیل و خوار ہوں گے۔

ر

قولہ تعالیٰ رَحْمَتُ اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو
کہ تجھ کو مصیبتوں سے نجات ملے گی اور سب رنج و غم دور ہو جائیں گے جس کام کے
لئے تو ایک عرصہ سے کوشش کر رہا تھا وہ کوشش تیری رائیگاں نہ جائے گی اور تو انشاء اللہ تعالیٰ
اس میں کامیاب ہوگا تیرے ہر جائز مقاصد انشاء اللہ پورے ہوں گے بزرگوں سے تجھکو نفع حاصل
ہوگا بیمار پر البتہ وقت صعب ہے لیکن شفایاب ہوگا۔ آرزو ہے فرزند کی پوری ہوگی۔ فرزند و دختر
صاحب نصیب ہوں گے۔ دولت کی فراوانی ہوگی اگر بیکاری سے تنگ ہو گیا ہے تو ہمت
کر اور کوشش کر۔ بہترین ملازمت منجانب آئے گی البتہ تجارت تجھے کچھ دنوں تک راس نہ آئے گی۔
اگر تو امیر ہے تو [illegible] کر تندہ رکھ کفران [illegible] کے لپیٹے میں پڑ کر آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کر ورنہ
آخری منزل میں تو [illegible] سے گدائی [illegible] بروز دوشنبہ تل سیاہ اور روغن زرد آرد
گندم حسب استطاعت با توفیق اپنے ابتدائی دور میں صدقہ دیا کر اور روزانہ بعد نماز عشاء
ایک مرتبہ سورۂ رحمٰن کی تلاوت کیا کر اور اپنے بستر طاہر پر ایک ہزار بار یَا حَمِیْدُ
کی وظیفہ خوانی کر۔

ز قولہ تعالیٰ ولئن سالتہم لیقولن اللہ فانیٰ یؤفکون ہ اے صاحبِ فال آگاہ ہو کہ تجھ کو پریشانیوں نے مایوس کر دیا ہے۔ مگر اسلام میں مایوسی ہونا کفر ہے پھر تجھ کو تیرے غرور اور تکبر نے نقصان پہونچایا ہے اس لیے غرور مت کر اور نہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہو۔ اگر تو نے صبر اور استقامت سے کام لیا اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا تو چند ہفتوں میں تیرا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ تجھ کو چاہیے کہ تو ایک آدمی زرد رنگ میانہ قد پست قامت سے ہوشیار رہ اور اس سے خوف تھا کہ وہ تیرے ساتھ مکر و فریب پیش آئے گا۔ اور کوئی شخص تیرا گم ہے انشاء اللہ بہت جلد کامیاب و کامران واپس آئے گا۔ البتہ خبر اس کی پہلے آئے گی۔ نعمتِ اولاد پارسا سے دل شاد رہے گا۔ مقدمہ میں حق کی فتح ہوگی۔ بروز جمعرات پکی ہوئی زرد چیز خواہ وہ میٹھی ہو یا نمکین حسبِ استطاعت صدقہ دے اور درود شریف بکثرت پڑھ اس کے علاوہ بعد نماز فجر ایکہزار ایک بار اسم مبارک یا رشید کی تلاوت بلا ناغہ کیا کر۔

س قولہ تعالیٰ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ہ اے صاحبِ فال آگاہ ہو کہ تجھکو مصیبتوں اور پریشانیوں وغیرہ یادی تکلیفات سے نجات حاصل ہوگی۔ دشمنوں کا خوف دور ہو جائے گا اور کچھ لوگ تجھ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن تو مت گھبرا کہ عنقریب تیرے دشمن تیرے ہی سامنے بری طرح سے ذلیل و خوار ہوں گے۔ ان کی مخالفت سے تجھ کو کوئی نقصان نہ پہونچے گا۔ اگر تو بیماری کے سلسلے میں پریشان ہے تو غم نہ کھا اندر دو عشرہ کے مریض کو شفا حاصل ہوگی۔ اغلب ہے کہ تجھکو آگ سے جلنے یا پانی میں ڈوبنے کا اندیشہ آئے لیکن خدا نے چاہا تو تجھے گزند نہ پہونچے گا۔ اگر تو قرضہ دار ہے تو اس سے بچے گا۔ خلاصی ہوگی۔ فرزند کی تمنا ہے تو اولاد صالح کسی مرد بزرگ کی دعا کی برکت سے ملے گی۔ تجھے چاہیے کہ بیواؤں اور یتیموں سے ہمدردی رکھ۔ بروز یکشنبہ نہایت و قدرے چاندی و لباس جدید صدقہ دے اور بعد ہر نماز روزانہ بلا ناغہ پانچسو بار یا سمیع کا وظیفہ خوانی کیا کر اور اس پر بصدق یقین رکھ کر کہ انشاء اللہ ہمہ وقت مسرت سے ہمکنار رہے گا۔ اور اگر معمولی لایعنی پریشانیاں لاحق ہوں تو ان کا ازالہ اسی وظیفہ کی برکت سے فوری ہو جایا کرے گا۔

ش

قولہ تعالیٰ۔ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیْمٌ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو
کہ زمانہ قریب ہے کہ تیری تمام تر پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کاروبار میں
کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی مقدمہ ہے اور تو امر حق پر ہے تو انشاءاللہ کامیاب ہوگا۔ اگر دل کسی
بات سے پریشان ہے تو صبر سے کام لے جس کا پھل بہت خیر ہوگا اور تیری مراد حاصل
ہو جائے گی۔ اگر کوئی شخص تیرا بیمار ہے تو یاد رکھ کہ اس کی بیماری خطرناک ہوگی۔ صدقہ آسمانی
دے تاکہ شفا ہو۔ ارادہ شادی مبارک ہو اگر رکھتا ہے لیکن اگر ادائے قرض میں کوتاہی کی
تو نقصان کثیرہ سے دوچار ہوگا۔ حالات عالم تیری بہر جانب [illegible] پوری کریں گے۔ اگر خواہش فرزند
ہے تو وہ بھی پوری ہوگی۔ یہ فال ظاہر کرتی ہے کہ ایک مرد بزرگ تجھ کو نصیحت کیا کرتا ہے
اور تو اس کی بات نہیں مانتا۔ یاد رکھ یہ تیری انتہائی بدقسمتی ہے اور یہی بات زیادہ تر
تیری ناکامی کی ہے۔ آئندہ احتیاط رکھ اور ہر شب پنجشنبہ کو نہایت خاموشی سے کہ کسی
دوسرے کو خبر تک نہ ہو حسب استطاعت اشیاء خوردنی میں سے کوئی چیز خام یا پکی ہوئی
صدقہ دیا کر اور تازندگی ایک سو بار روزانہ [illegible] یا لطیف [illegible] کی وظیفہ خوانی
کیا کر کہ پریشانی سے آشنا نہ ہوگا۔

ص

قولہ تعالیٰ۔ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّہٗ اَوَّابٌ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو
کہ تو جو چاہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں [illegible] انشاءاللہ کرے گا
پوری ہوگی اور اگر تو نے سات بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کے بعد گھر
سے باہر قدم نکالا تو جدھر جائے گا اور جس مقصد کے لئے جائے گا کامیابی ہوگی۔ اگر
بیماری کی وجہ سے پریشانی لاحق ہے تو صبر کر دعا اور دوا سے غافل نہ رہ یہ بھی جاتی رہے
گی۔ اگر خواہش زن و فرزند ہے تو یہ بھی پوری ہوگی لیکن یہ یاد رکھ کہ اپنے حسب
مقدرت بغیر صدقہ دیئے ہوئے خواہ وہ ایک ہی لقمہ کیوں نہ ہو خود کھانا مت کھا
اور اس کو اپنی زندگی کا ایک اصول بنا لے نماز اور درود شریف کی کثرت کر۔ اس کے
علاوہ بلاناغہ بعد نماز فجر ایک سو پینتیس ۱۳۵ بار یا سبوح کی تلاوت کیا کر کہ تمام آلام
و مصائب سے محفوظ رہے گا۔ بفضلہ تعالیٰ۔

نوٹ: [illegible] طریقہ ایک نہایت [illegible] کتاب [illegible]

ض

قولہ تعالیٰ یَبْعَثُ الْحَیٰوۃَ وَیَبْعَثُ الْمَوْتَ ٥ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیری پریشانیاں عنقریب دور ہو جائیں گی اور تیرے وہ دیرینہ اور تمامی مقاصدِ دلی جو جائز ہیں انشاء اللہ ضرور پورے ہوں گے۔ ابا نہ اور لغو و لاطائل نیز نامناسب خواہشات کو دل سے نکال ڈال۔ دوستوں اور عزیزوں اور عوام کی خدمت کر کہ ان میں عزت ہوگی۔ آمدنی کا ذریعہ پیدا ہو جائے گا۔ اگر خدانخواستہ کسی جرم میں ماخوذ کیا گیا ہے یا کوئی مقدمہ بلاوجہ ہے تو اس میں کامیابی حاصل ہوگی یعنی دشمن اپنے اسی فعلِ مذموم سے شکست کھائے گا۔ اور جیت تیری ہوگی۔ اگر کوئی چیز تیرے ہاتھ سے یا پاس سے کسی طرح سے چلی گئی ہے تو وہ بھی حاصل ہو جائے گی۔ ایک شخص گندم رنگ میانہ قد سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے لہٰذا ایسے شخص سے ہوشیار رہ بروز شنبہ دال مونگ یا رجہ زرد حسب استطاعت صدقہ دے اور بعد نماز عصر اکتیس بار یَا ضَارُّ کی وظیفہ خوانی کیا کر۔

ط

قولہ تعالیٰ طُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ٥ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ اب تجھ کو ہر تکالیف سے نجات ملے گی۔ تجھ کو چاہیئے کہ موجودہ پریشانیاں جو لاحق ہیں۔ ان پر صبر سے کام لے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھ اللہ تعالیٰ بہتر کریگا۔ نماز میں کاہلی اور سستی نیز بے رجوع قلب پڑھنے کی وجہ سے تو مبتلائے پریشان ہے۔ اگر یہ عادتیں چھوڑ دے اور دل لگا کر نماز پڑھے تو بہ برکت نماز آئندہ حالات تیرے حالات بدل جائیں گے جس پر تو خود متعجب ہوگا۔ اگر تیرا کوئی غائب ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے یا زن یا اولاد کے نہ ہونے کی وجہ سے غمزدہ ہے تو صبر سے کام لے۔ انشاء اللہ غائب واپس آئے گا۔ گمشدہ چیز مل جائے گی اور زن و فرزند کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ بیمار شفا پائے گا۔ بروز جمعہ آرد جو یا نان جویں حسب مقدرت صدقہ دیا کر اور نماز پنجگانہ کے بعد ۱۱ بجے رات کو زیر آسمان برہنہ سر دو رکعت نماز بجا لا جب تک تیرے حالات استوار ہو جائیں اور اس نماز کے بعد ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ یَا صَمَدُ کی وظیفہ خوانی کیا کر۔

ظ

قولہ تعالیٰ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ٥ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ بزرگوں کی اطاعت اور غریب بزرگانِ خدا سے محبت کر عبادت اور خیرات سے بگڑے ہوئے

کام کچھ آسان ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہوگی۔ اگر کوئی بیمار ہو تو بیماری اس کی دراز ہوگی لیکن آخر میں صحت ہوگی اس کے معنی یہ نہیں کہ دوا اور دعا سے غافل ہو جا۔ تو اپنی کوشش جاری رکھ اور نتیجہ قدرت پر چھوڑ دے البتہ جب تک صحت نہ ہو روزانہ صدقات[1] وقتاً فوقتاً مریض پر سے سات بار اتار کر دیا کر کہ صدقہ ردِ بلا ہوتا ہے۔ اگر تجھ میں قدرت ہے تو حاجتمندوں کی حاجتوں کو پورا کرنے میں دریغ نہ کر۔ اگر خواب پریشان دیکھے ہیں تو کسی سے اس کا اظہار نہ کرنا تاکہ تیرے لئے باعث بہتری نہ ہوگا۔ ان دنوں تیرا ستارہ گردش میں آنے والا تھا لیکن ساعت نحس تیرے ایک اچھے کام کرنے سے گذر گئی تجھے چاہیئے کہ دودھ اور چاول حسبِ حیثیت چاہیے وہ چند قطرے اور چند پکے ہوئے دانے ہی کیوں نہ ہوں روزانہ بلاناغہ پردہ شب میں صدقہ دیا کر اور اگر خدانخواستہ اس پر بھی مقدرت نہیں رکھتا تو نماز نافلہ بکثرت پڑھا کر اور بعد نماز عشاء کے گیارہ سو پانچ ۱۱۰۵ مرتبہ یَا ظَاهِرُ کی بلاناغہ وظیفہ خوانی کیا کر دورانِ وظیفہ خوانی جو ایک چلہ کا ہوگا پرہیز[2] جلالی و جمالی دونوں کرنا ہوگا۔

ع قولہ تعالیٰ۔ عَلَیْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِیْبًا ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تجھے صدقہ دینا چاہیے اور برے کاموں سے بچنا چاہیے ہر برائی بخیلی اور چغلی سے بھی پرہیز کر ورنہ یہ چیزیں تجھے لے ڈوبیں گی۔ تو انہی دنوں انہیں وجوہات سے بہت زیادہ پریشان رہتا ہے نماز اور درود شریف کی کثرت کرتا کہ تو ہر جگہ سرخرو رہے اور تیرے روزی کے ذرائع تجھ پر وسیع ہوتے رہیں تیرا ہر جگہ ہر دلعزیزی حاصل کرتا رہے۔ اگر ارادہ سفر رکھتا ہے تو کسی اچھی ساعت میں بعد نماز جمعہ اور صدقہ جو کچھ تجھے میسر ہو دے کے بعد ادائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص کی تلاوت باوضو کرتا ہوا سفر کر انشاء اللہ خاطر خواہ کامیاب ہو کر مع الخیر واپس آوے گا۔ اگر تو یا تیرے یہاں کوئی جس کی کفالت تو کرتا ہے بیمار ہے تو اس پر چند دن سخت ہیں۔ البتہ شفا ہوگی۔ ہفتہ میں ایک بار مریض پر سے صدقہ دینا لازمی ہے کہ صدقہ ردِ بلا ہوتا ہے۔ اگر شادی کی تمنا ہے تو فی الحال اس خیال سے باز آ کہ مالی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے اور اگر شادی ہو چکی ہے تو اس کو تو اس کے میکے میں نہ رکھ کہ ذلیل ہوگا۔ ایک شخص جو بظاہر تیرا محب بھی ہے تیرے درپے آزار ہے

۱ صدقہ آسمانی معمولی: مکمل تشریح "تسخیر العملیات" میں دیکھے۔ ۲ پرہیز گوشت وغیرہ پوری تشریح "تسخیر العملیات"

غ

قولہ تعالیٰ۔ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ اس وقت تیری قسمت کا ستارہ گردش میں ہے لیکن اللہ بڑا رحیم و کریم ہے تو اس کی رحمت سے کسی آن بھی مایوس نہ ہو۔ کہ مایوسی منزل کفر میں داخل کردیتی ہے اسی سے لو لگا عبادت الٰہی میں رغبت پیدا کر۔ گناہوں سے توبہ کر کہ ہنوز دروازۂ توبہ بند نہیں ہوا ہے۔ خیرات دینے سے غفلت نہ کر۔ ارادۂ سفر سے باز آ کہ کچھ دنوں تک سفر تیرے حق میں بہتر نہ ہوگا۔ اولاد کی تمنا ہے تو کسی طبیب صادق سے مشورہ کر۔ عقد ثانی نہ کر یہ حرکت موجب پریشانی اور ندامت ہوگی۔ نماز کی پابندی اور درود کی کثرت تیرے لئے اکسیر اعظم ہے۔ نخود بریاں و نبات سفید بر او چندی جمعرات کو صدقہ دیا کر اور اسی دن روزہ بھی رکھا کر۔

ف

قولہ تعالیٰ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ قِیٰلمًا دقعودًا۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ جن مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہے عنقریب رنج اور مصائب سے تو نجات حاصل کرے گا البتہ یہ بات ضرور یاد رکھ کہ جو تیرے ساتھ برائی سے پیش آئے تو اسے اس کا جواب نیکی سے دیا کر کہ اجر عظیم پائے گا۔ بزرگوں کی اطاعت اور نادار یتیموں و مسکینوں کی ہر صورت میں حسب مقدرت امداد حاصل کر۔ بروز جمعہ زرد رنگ کی کسی چیز سے کسی غریب اور مستحق کی دعوت کر اور بعد نماز عشاء ایکسو اکیاون ایک بار یا فَتَّاحُ کی وظیفہ خوانی کر اور اس سے کبھی غفلت نہ برت کہ یہ اسم الٰہیہ بڑی جلیل القدر خاصیت کا مالک ہے۔

ق

قولہ تعالیٰ قُلْ یَا اَھْلَ الْکِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ کل تو ذہنی تفکرات میں پڑا ہے۔ تیری طبیعت سخت پریشان رہتی ہے راتوں کو نیند نہیں آتی پراگندہ اور فاسد خیالات کا ہجوم رہا کرتا ہے۔ نیک کاموں کی طرف رغبت نہیں ہوتی۔ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی کرتا ہے۔ بد دست نما دشمنوں سے بچنے کی کوشش کر۔ بارگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہوئے توبہ کر۔ نماز پابندی کے ساتھ ادا کر اور بروز دوشنبہ مسکین کو کھانا کھلا اور بعد نماز عشاء ۵۵ بار یا قَادِرُ کا تازندگی وظیفہ خواں رہ کہ باعث برکت یہ اسم مبارک ہے اور بے پناہ خواص کا مالک ہے۔

ک

قولہ تعالیٰ کَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا اے صاحب فال آگاہ ہو کہ جس کام کے لئے تو تیار ہو رہا ہے یہ کام تیرے لئے مفید نہ ہوگا۔ فی الحال ارادے کو بدل دے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو سردست اپنے اس ارادے سے باز آ۔ کیونکہ دشمن تیرے

تاک بیں ہے۔ استقلال سے کام لے اور صبر کر صبر کرنے سے منزلِ مقصود قریب ہوتی جائے گی۔ اس لئے کہ اس کی قربت کے سامان غیب سے پیدا ہوتے جائیں گے۔ عبادت الٰہی میں غفلت نہ کر۔ یہ فال ظاہر کر رہی ہے کہ تجھ پر گردش اور مصیبتوں کے جو بادل چھا رہے ہیں وہ دور ہو کر نئی امیدوں کا نور جلوہ گر ہوگا۔ اور تیرے خلاف جو لوگ اپنے مکروہ ارادے رکھتے ہیں وہ اپنے مقاصد میں ناکام رہیں گے تیرے مقابلے میں انھیں شکست ہوگی۔ اگر تو کسی مقدمہ میں ماخوذ ہے تو روزانہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح درود شریف کی پڑھا کر اور بعد نماز فجر ۲۱ بار یا کبیرُ کی وظیفہ خوانی کیا کر اور بروز سہ شنبہ تیل اور ماش صدقہ دے۔

ل قولہ تعالےٰ لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ ہ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیرے تمام کام حسب دلخواہ انجام پذیر ہوں گے تجھ کو مناسب ہے کہ یکسوئی اختیار کر تاکہ دشمن مائل بہ دوستی ہو جائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ جس کام کا ارادہ کرے گا آسان ہو کر پایہ تکمیل تک پہونچے گا۔ اور تو یہ یقین رکھ کہ تیری یہ تمام پریشانیاں بالکل بے بنیاد ہیں اور ان کی بنا صرف تیرا وہم ہے جن باتوں سے بلا وجہ خلاف ہو رہا ہے ان سے تجھے نقصان نہ پہنچے گا۔ صرف چند روزہ ذہنی تفکرات ہیں اور اگر تو بیماری کی وجہ سے پریشان ہے تو یہ پریشانی بھی تیری عارضی ہے طبیب تجربہ کار سے علاج کرا اور صدقہ دے انشاء اللہ تعالےٰ جلد شفا ہو جائے گی۔ غائب کی خبر کا متمنی ہے بفضلہ تعالےٰ جلد خبر آوے گی۔ مقدمہ بازی میں مبتلا ہے۔ نہ گھبرا جلد گلو خلاصی ہوگی۔ بروز یکشنبہ آرد گندم قدرے شکر کے ساتھ صدقہ دیا کر۔ نماز فجر پس بعد ادائے نماز اول و آخر ۵ بار درود شریف پڑھ کر تین بار سورہ فجر کی تلاوت کر یہ سورۃ تجھ کو کلام پاک کے ۳۰ ویں پارہ میں ملے گا۔

م قولہ تعالےٰ مِنَ النَّارِ نَا نْقَذُوْہ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیرے لئے اس وقت صبر و استقلال ضروری ہے مقصد پورا ہونے والا ہے اگر تو نے خود رائی سے کام لیا تو یاد رکھ بنا بنایا کام بگڑ جائے گا۔ اپنے بزرگوں کی اطاعت کر اور ان کے مشورہ پر عمل کر تجھ کو فائدہ پہنچے گا۔ اگر تو نے عقلمندی اور دور اندیشی سے کام لیا تو کوشش کے خوشگوار نتائج جلد سامنے آجائیں گے۔ ورنہ تیری ضد اور غلط فیصلوں سے کام بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ استغفار کی کثرت کر اور حسب مقدرت کچھ صدقہ ضرور دے۔ مخصوص پردہ شب کے سوالی کو واپس نہ کرنا۔ بعد نماز ظہر یا مجیدُ کی روزانہ بلا ناغہ اکیس ۲۱ بار وظیفہ خوانی کیا کر۔

ن

قولہ تعالیٰ آمنکم و عندہم و سینا تک۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ جملہ کام تیرے سرانجام پائیں گے جن تفکرات میں تو مبتلا ہے بحکم رب العزت ان کے رفع ہونے کا سامان غیب سے خود بخود فراہم ہوا جاتا ہے۔ تجھے غیبی امداد حاصل ہوگی۔ اگر تو قرضدار ہے تو نہ گھبرا بفضلہ تعالیٰ قرضہ بھی ادا ہو جاتا ہے۔ اگر کسی مقدمہ میں پریشان ہے تو اس سے بری ہوگا اور تیری زندگی ایک کامیاب زندگی ہوگی کاروبار میں ترقی ہوگی اور تجھے ایک خوشی نصیب ہوگی۔ نماز میں سستی نہ کر۔ درود شریف کی کثرت موجب راحت ہے۔ رزق کے دروازے کی کشادگی کی کنجی ہے بروز چہارشنبہ و شب پنجشنبہ حسب مقدرت اشیاء خوردنی میں سے کوئی چیز صدقہ دے۔ اور بعد ہر نماز۔ ایک سو پندرہ بار علاوہ درود شریف کے ۔۔ بار کے یَا نُوْرُ کا ورد کیا کر۔

و

قولہ تعالیٰ وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیری طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہے تو مت گھبرا یہ حالت تیری عارضی ہے کچھ دنوں کے بعد حالات خود بخود ایسے پیدا ہو جائیں گے کہ تجھے سکون میسر آ جائے گا۔ یہ صحیح ہے کہ ان دنوں تیری مالی حالت اطمینان بخش نہیں ہے۔ تقریباً بیروزگاری کی وجہ سے آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہے اس لئے تکلیف بھی ہے۔ خرچ کو اعتدال پر لانے کی کوشش کر تاکہ قرضدار نہ ہو سکے۔ دوست اور رشتہ دار بھی تیرے درپے آزار ہیں۔ انکی پرواہ نہ کر تیرا پیدا کرنے والا تیرا نگہبان ہے جس کی طاقت کے آگے بڑے بڑے خود سروں کے سر خم ہوئے ہیں لہذا کسی کی مخالفت کام نہ دیگی تیرا وقت تاباں ہوگا۔ آمدنی کا ذریعہ پیدا ہوگا۔ تیری مخالفتیں ختم ہو جائیں گی۔ بار قرض سے نجات ملے گی۔ گناہوں سے توبہ اور آئندہ کیلئے برائیوں سے محتاط رہنے کا بارگاہ الٰہی میں اقرار کر۔ نماز جماعت ضرور ادا کر اور حسب مقدرت جمعہ کو صدقہ بھی دے بعد نماز عشاء ۱۰۰ بار یَا وَاسِعُ کی وظیفہ خوانی کیا کر۔

ھ

قولہ تعالیٰ اِنْ ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو تیرے تمام کاروبار بخوبی انجام پائیں گے اس لئے فکر نہ کر۔ مراد تیری حاصل ہوگی۔ اگر تیری نیت ڈانواں ڈول نہ ہوئی تو تیرے گردش کے دن بہت جلد ختم ہو جائیں گے۔ دشمنوں کی دشمنی اور بدخواہی دور ہو جائے گی۔ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔ غائب انشاء اللہ مال دار ہو کر واپس آویگا۔ تو ایک خواب دیکھے گا جسکی تعبیر بہتر اور جلد ظاہر ہوگی۔ اور

تو خیرات ادا کیا کر۔ اور نماز میں کاہلی نہ کر بعد نماز مغرب سورہ رحمٰن کی تلاوۃ بلا ناغہ کیا کر۔

لا

قولہ تعالےٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلّٰهِ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تجھ کو دکھ اور تکالیف کا سامنا ہے، وہ عنقریب ختم ہونے والا ہے۔ مت گھبرا کہ بہت جلد نجات ملے گی اور تو اپنے نفس پر غالب رہے گا۔ سب کام راس آجائیں گے۔ دشمنوں سے میل جول نہ رکھ وہ کبھی بھی تیری موافقت نہ کرینگے خیالات فاسد کو تو کبھی دل میں جگہ نہ دے۔ ورنہ ہمیشہ نقصان میں رہے گا۔ ضرورتمندوں کو حتی المقدور اپنے پاس سے نا کام واپس نہ کر کہ تیرے لئے باعث پریشانی ہوگا لہٰذا بوقت فجر بعد نماز سورہ روم کی تلاوہ کیا کر اور بروز پنجشنبہ صدقہ دیا کر۔

ع

قولہ تعالےٰ ءَ اِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَ اِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ یہ فال مبارک ہے۔ کاروبار میں ترقی ہوگی لیکن وقت موجودہ میں ہمت اور استقلال سے کام کر۔ تیری تمام پریشانیاں بہت جلد دور ہو جائیں گی کسی خدا رسیدہ بزرگ کی مدد سے تجھ کو بہت فائدہ پہونچے گا۔ عبادت کر۔ نماز کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کر کہ یہ عادت مضرت رساں ہیں۔ اگر مقدمہ تیرے خلاف دائر کیا گیا ہے جس کی رو سے تجھ پر زیادتی ہو رہی ہے تو مت گھبرا فیصلہ تیرے حق میں ہوگا۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے صحت بہتر رہے گی۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ بروز چہارشنبہ صدقہ دیا کر۔

ی

قولہ تعالےٰ يَا اَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي اِبْرٰهِيمَ ۔ اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تیری حاجت جلد پوری ہو جائے گی۔ اللہ تعالےٰ کا فضل شامل حال ہوگا اور جو جو الجھنیں اور پریشان تجھ کو لاحق ہیں وہ اب جلد ختم ہو جائیں گی۔ کاروبار میں ترقی ہو کر آمدنی بڑھ جائے گی۔ اگر مقدمہ سے پریشانی ہے تو نہ گھبرا۔ انشا اللہ تعالےٰ کامیابی ہوگی۔ اے صاحب فال تجھکو چاہیے کہ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ کر اور اس کی عبادت سے غافل نہ ہو۔ اور درود شریف اپنے پر لازم کرلے کہ ایک تسبیح بعد نماز عشا پڑھ لیا کر۔ انشا اللہ تیری روح میں سرور و کیف پیدا ہوگا۔ دنیا کے مخمصے تیرے لئے ایک سراب سے زیادہ حقیقت نہ رکھیں گے۔ آخرت بھی سنور جائے گی۔ سارے بگڑے کام بن جائیں گے۔ اشیاء گمشدہ کی بازیابی عجیب و غریب طریقہ پر ہوگی اور غائب اچانک واپس آوے گا۔ نماز سے غافل نہ رہ اور درود شریف بکثرت پڑھ۔

اس فالنامہ کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر تین دفعہ درود شریف اور ایک دفعہ سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) اور تین دفعہ سورۂ اخلاص اور آخر میں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھکر سرکار دوجہاں رحمتِ دوعالم محبوبِ خدا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہدیہ بھیجے اور اللہ تعالےٰ سے عاجزی کے ساتھ دعا کرے کہ اے اللہ تو قادرِ مطلق ہے اور تو سب پوشیدہ چیزوں کو جاننے والا ہے۔ اے اللہ میرے دل کے حال سے تو خوب واقف ہے۔ میں تیرا نام لیکر فال لیتا ہوں تو اپنے محبوب پاک صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے آل پاک کے تصدق میں مجھکو وہ بات بتا دے جو تیرے علم میں ہے۔ اے ہمارے پالنے والے تو سچا ہے اور تیری ہی ذات پر اس بندۂ ناچیز کو بھروسہ ہے۔ اس کے بعد اپنے مطلب کے پیش نظر کارحائلہ کے بابت نیت کرے اور خانہ جات مندرجہ صفحہ نمبر ۱ کتاب ہذا پر دونوں آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت رکھ کر آنکھوں کو کھول دے اور ہندسہ کو دیکھکر کتاب ہذا میں کہ نمبروار جوابات تحریر کر دیئے گئے ہیں اپنے نمبر کا جواب دیکھ لے انشاء اللہ مشورہ صحیح ہوگا۔

یہ بات کبھی نہ بھولنا چاہیئے کہ ہر کام میں یقین پختہ کی سخت ضرورت ہے اگر نیت ہی ڈانوا ڈول رہی تو کوئی مفید مطلب بات کبھی نہ معلوم ہوگی لہذا ایسے ناقص یقین والے حضرات بجائے نفع کے نقصان میں البتہ مبتلا ہو سکتے ہیں اس لئے کہ وہ ضروری ہدایات پر جو تحریر کر دی گئی ہیں عمل کرنے سے یقینی طور پر اجتناب کریں گے یقین محکم کی اس منزل پر بھی سخت ضرورت ہے۔

نقشہ فالنامہ مصطفائی

۷۲	۶۵	۴۱	۱۶	۷۱	۶۶	۵	۱۹	۶۸
۳	۷	۳۳	۵۷	۴۷	۳۸	۲۱	۳۹	۵۰
۳۶	۳۲	۲۰	۲۹	۵۳	۵	۱۷	۲۲	۴۸
۶۹	۱۱	۴۴	۳۴	۴۹	۲۷	۴۲	۸	۲۴
۵۵	۲	۳۷	۵۱	۱۴	۵۴	۶۴	۱	۵۸
۶۳	۳۱	۶۲	۲۸	۶۰	۴۰	۳۵	۱۰	۶۱
۱۸	۲۵	۵۲	۱۲	۲۳	۹	۴	۳۰	۴۵
۱۳	۴۶	۵۹	۲۶	۶۷	۶	۵۶	۴۳	۷۰

(۱) اے صاحب فال تیرے لئے یہ فال نیک اور بہت مبارک ہے۔ تو اب قطعی مایوس نہ ہو۔ البتہ خیرات کیا کر۔

۲۔ اے صاحب فال تو جس بات سے خوف رکھتا ہے، اس سے خوف مت کھا اور ہراساں اور پریشان نہ ہو تیرے حسب منشا کام ہوگا۔

۳۔ اے صاحب فال تو جو سوچ رہا ہے عبث ہے۔ اس خیال کو ترک کر دے

یہ کام بہت مشکل ہے تو اس کو پورا نہیں کر سکتا۔ اگر تو زبردستی کریگا تو نقصان اٹھائے گا۔ لہذا ترکِ کار لازم ہے۔

۴۔ اے صاحب فال جس کوشش میں تو لگا ہوا ہے اسے جاری رکھ۔ تیری قسمت یاوری پر ہے انشا اللہ تعالےٰ کامیاب ہو گا۔ اور آرام حاصل کرے گا۔

۵۔ اے صاحبِ فال آگاہ ہو کہ زمانہ قریب میں تجھ کو خوشی حاصل ہو گی دلی آرزوئیں ضرور پوری ہوں گی لیکن چند ہفتوں کی دیر ہے۔ نماز سے غفلت نہ کر کہ نماز باعثِ نجات ہے اور خوشی سے قریب تر کرنے والی ہے۔

۶۔ اے صاحبِ فال، جس کام کا تو ارادہ کر رہا ہے اس سے دل برداشتہ اور ملول نہ ہو صبر کر اس کا اجر اللہ تعالےٰ تجھکو ضرور دے گا۔ اگر غم و غصہ کرے گا مبتلائے پریشانی ہو گا۔ عبادتِ الٰہی ہر مشکل کو آسان کر دیتی ہے۔

۷۔ اے صاحبِ فال تیرے کاروبار اور رزق میں ترقی کے دروازے کھل جائیں گے اب تنگی اور پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔

۸۔ اے صاحبِ فال تو برداشتہ خاطر نہ ہو جس کام کا تو ارادہ کر رہا ہے وہ تھوڑے دنوں میں پورا ہو جائے گا، امکان ہے۔ ہمت پست نہ کر اور اپنی کوشش میں لگا رہ۔

۹۔ اے صاحبِ فال تجھ پر چند دن نحوست کے اور باقی رہ گئے ہیں، جو پریشانیاں لاحق ہیں ان پر صبر سے کام لے اللہ تعالےٰ تیرا کام پورا کرے گا۔ کسی پر ظلم نہ کر یہ عادت انسان کو تباہی کی طرف لے جاتی ہے۔

۱۰۔ اے صاحب فال تیرے یہ خیالات فاسد ہیں۔ لہذا خیالات فاسدہ کو سب سے پہلے دل سے نکال دے تب اپنے کام کی طرف متوجہ ہو۔ تیری قسمت اچھی ہے لیکن انہیں ناقص خیالات نے تیرے کام میں دشواری پیدا کر رکھی ہے۔ اور تو منزلِ کامیابی سے دور ہے۔ اپنے دل کو آئینہ چینی[1] کی طرح صاف رکھ اور عبادت الٰہیہ میں غفلت نہ برت تب کہیں جا کر منزلِ مقصود سے ہمکنار ہو گا۔

۱۱۔ اے صاحبِ فال تو خوش قسمت ہے۔ بہت جلد تیرے دل کی مرادیں پوری ہوں

---

[1] اس کی مکمل تشریح معطرالنغمہ کے نسخہ العملیات میں ملاحظہ کیجیے جو ایک نادر و نایاب کتاب ہے۔

گی جو کام تو کرنا چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا نام لیکر شروع کر دے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

۱۲۔ اے صاحب فال خدا تیرے دل کی آرزو پوری کرے گا۔ اس مالکؒ جہاں پر بھروسہ رکھ اور غریبوں کے ساتھ سلوک کرتا رہ۔ نہ گھبرا کہ عنقریب تجھے ایک غیبی امداد حاصل ہوگی۔

۱۳۔ اے صاحب فال خبردار خبردار ان دنوں تو کوئی کام نہ کرورنہ نقصان ہی اٹھائے گا۔ ان دنوں تیرا ستارہ گردش میں ہے۔ تجھ پر تین مہینے تیرہ دن اور تین گھڑی سخت ہیں۔ دعائے نحوست کو ایک[1] پڑھ کہ یہ ایام تیرے بخیریت گذر جائیں۔

۱۴۔ اے صاحب فال تو صاحب قسمت ہے اور تیرے سب کام تیرے حسب منشاء پورے ہوں گے۔ غرور اور نخوت سے پرہیز کر۔ نیک کاموں کو ہمیشہ پیش نظر رکھ اور اپنے بزرگوں کے حکم سے سرتابی نہ کر۔

۱۵۔ اے صاحب فال کوشش کر اور یاد رکھ کہ محنت کبھی بیکار نہیں جاتی اگر نیک نیتی کے ساتھ تو کوشش کریگا تو ناکام نہ رہے گا تیرے تمام غم دور ہو جائیں گے۔ تجھے چاہیئے راگ ورنگنی سے پرہیز کر اور یاد الہٰی سے غافل نہ رہ۔

۱۶۔ اے صاحب فال تیرے دل کا سوال خالی نہیں جائے گا۔ انشاءاللہ تیرے حسب منشاء پورا ہوگا جو تیری بہتری کا باعث ہوگا۔ مگر اللہ کی عبادت میں تو کاہلی مت کر۔

۱۷۔ اے صاحب فال بہتر ہے کہ تو سر دست خاموشی اختیار کر لبعد کوئی کار جدید نہ کر کہ احتمال نقصان کا ہے۔ ایام بیض میں روزے رکھ اور شب میں دعائے مکارم الاخلاق سے دل کو منور کر لبعد ایک عشرہ کے فال ثانی کے مطابق عمل کر اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا رہ کہ وہ بہت بڑی قدرت والا ہے۔

۱۸۔ اے صاحب فال تو اپنے ہمدردوں پر اعتماد رکھ۔ جو تیرے سچے دوست اور رفیق ہیں انہیں لوگوں کی کوششوں میں تیری کامیابی کا راز مضمر ہے۔

---

[1] یہ دعا آپ کو ہماری کتاب "اکسیر العملیات" میں ملے گی۔ ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ ناشر

۱۹۔ اے صاحب فال بلاوجہ اس کام میں تو اپنا وقت ضائع نہ کر، جس کام کا تو ارادہ کر رہا ہے۔ اس میں بہتری نہیں ہے آئندہ تجھ کو اختیار ہے۔

۲۰۔ اے صاحب فال یہ آرزو اچھی نہیں ہے اس خواہش کو تو دل سے نکال دے ورنہ مبتلائے نقصان و بدنامی ہوگا۔ بہتر ہے کہ کسی صاحب عقل سے مشورہ لے کر کام کیا کر اور اپنے ذی فہم ہونے پر ناز نہ کر کہ تو اس سے ہنوز دور ہے۔

۲۱۔ اے صاحب فال تھوڑے دنوں کی بات ہے اگر کوشش جاری رکھی گئی تو تیرے دل کی مراد جلد پوری ہوگی لیکن فراق کے صدمات سے دوچار ہونے کا احتمال بھی ہے۔ خدا کرے تو اس منزل سے ہمکنار نہ ہو۔ بعد نماز درود شریف کی بکثرت وظیفہ خوانی کیا کر۔

۲۲۔ اے صاحب فال اس کام کا انجام دینا تیرے لئے مفید ثابت ہوگا۔ فکر نہ کر اور اللہ تعالےٰ پر بھروسہ کر کے اس کام کو انجام دے۔

۲۳۔ اے صاحب فال جو ارادہ تو نے کیا ہے اسے ترک کر دے اور اگر تو نے ضد کی تو نقصان اٹھائے گا جس میں جان تک جانے کے بھی خطرات لاحق ہیں لہٰذا ترک ارادہ تیرے لئے بہتر ہوگا اس لئے کہ تیرا ستارہ اس وقت مائل بہ پستی ہے اور اسی لئے تو پریشان ہے۔ یہ بھی صرف چند دنوں کی بات ہے۔ عبادت اور ریاضت میں ان ایام کو بسر کر۔

۲۴۔ اے صاحب فال تیری کوشش اور محنت اس وقت تک بیکار ثابت ہوگی جب تک تو نماز میں دل نہ لگائے گا۔ یہی لاپرواہی تیری پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے اگر تو دل لگا کر عبادت الٰہیہ میں مصروف ہوگا تو پھر کوئی وجہ نہیں تیری دعا باب اجابت تک نہ پہونچے اور مستجاب نہ ہو۔

۲۵۔ اے صاحب فال ہمت اور حوصلہ سے کام لے کر اپنے ارادے پر مضبوطی سے قائم رہ انشاءاللہ تیرے مقاصد جائز پورے ہوں گے۔ درود شریف نماز نافلہ کے ساتھ بکثرت پڑھ۔ تاکہ تیری تمام پریشانیوں کے دور ہونے میں آسانی ہو۔

۲۶۔ اے صاحب فال اپنے دل میں کوئی خوف نہ رکھ اور کسی بات کی فکر نہ کر تیرا کام بفضلہ تعالےٰ بہ خیر و خوبی انجام کو پہونچے گا۔ یہ یاد رکھ کہ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھنے والے ہر جگہ کامیاب رہتے ہیں۔ عبادت الٰہیہ میں منہمک رہ کہ عبادت خداوندی باعث نجات ہے۔

۲۷۔ اے صاحب فال یہ آرزو اچھی نہیں ہے اس بیہودہ خواہش کو دل سے نکال دے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ نیک اور سیدھا راستہ اختیار کر پھر دیکھ کہ خدا کیا کرتا ہے۔

۲۸۔ اے صاحب فال اگر اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم پر بھروسہ رکھے گا تو تیری آرزو ضرور پوری ہوگی۔ ورنہ ذلت و خواری میں مبتلا ہو جائے گا۔ تیرے لئے نماز کی پابندی ضروری ہے ورنہ اسی طرح پریشانی کی دلدل میں پھنسا رہے گا۔

۲۹۔ اے صاحب فال اگر روپیہ خرچ کرے گا تو اس کام میں کامیابی حاصل ہو جائے گی ورنہ صبر کر اور ہر حالت میں خدا پر بھروسہ رکھ اور استغفار کی کثرت کرتا رہ۔

۳۰۔ اے صاحب فال یہ دن تیرے لئے اچھے نہیں ہیں کچھ دن تک صبر سے کام لے پھر تیرے حسب خواہش کام ہوتا رہے گا۔ غریبوں اور یتیموں کی مدد کر۔ بعد نماز درود شریف بکثرت پڑھتا رہ کہ باعث خیر و برکت ہے۔

۳۱۔ اے صاحب فال بہتر ہے کہ راز کو راز ہی رہنے دے۔ جہاں رازِ دل عیاں ہوا قدر منزلت جاتی رہے گی۔ آرزو وقتی طور پر ضرور پوری ہو جائے گی لیکن دشمن تیرے درپے آزار ہو جائیں گے۔

۳۲۔ اے صاحب فال نیت ٹھیک نہیں ہے اس لئے کامیابی ناممکن ہے اسلئے نیت درست رکھ پھر کامیابی تیرے قدم چومے گی۔

۳۳۔ اے صاحب فال یہ کام فضول ہے لہٰذا فضول کام کے پیچھے اپنے وقت کو برباد نہ کر اگر تو باز نہ آیا تو سخت مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

۳۴۔ اے صاحب فال اللہ تعالےٰ تیرے دل کی مراد پوری کرے گا۔ دل کو ہراساں نہ کر بلکہ ہر وقت خوش رہ۔ ایک نئی چیز جلد ملنے والی ہے۔

۳۵۔ اے صاحب فال تیری آرزو کا پورا ہونا مشکل ہے۔ تو عجیب پریشانیوں کے دور سے گذر رہا ہے۔ اور تو ایک اذیت میں مبتلا ہونے والا ہے سورہ فجر کی بلا ناغہ تلاوت کیا کر تاکہ تو آنے والی مصیبت سے امن میں رہے۔

۳۶۔ اے صاحب فال اگر تو اللہ اور اسکے رسولؐ پر بھروسہ رکھے گا اور عبادت گذار رہے گا تو انشاءاللہ تیری مراد پوری ہوگی اور تجھکو ان پریشانیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا جو تیرے لئے آنے والی ہیں۔

۳۷۔ اے صاحب فال تیری کوشش اور محنت فضول ہے جو تو چاہتا ہے حاصل ہونا مشکل ہے۔ غریبوں کی مدد کر اور تکبر مت کر کہ مغرور کا انجام خراب ہوتا ہے۔

۳۸۔ اے صاحب فال تیری امید ضرور پوری ہوگی۔ اگر سفر کرنے کا ارادہ ہے تو سفر تیرے لئے مفید ہوگا۔ نیک نیتی اور دیانتداری سے روگردانی مت کر۔

۳۹۔ اے صاحب فال تیرے لئے یہ فال اچھی ہے۔ اللہ تعالےٰ مسبب الاسباب ہے تھوڑے دنوں کی بات ہے کامیابی حاصل ہوجائے گی۔ خیرات کر۔

۴۰۔ جدوجہد بیکار ہے۔ کوشش نہ کر۔

۴۱۔ انشاء اللہ تعالےٰ ضرور کامیاب ہوگا۔ اپنی کوشش جاری رکھ۔ خیرات دینے سے گریز نہ کر۔

۴۲۔ اے صاحب فال! دشمن درپے آزار ہے کوشش بیکار ہے۔

۴۳۔ ناکامی سے واسطہ ہوگا۔ کچھ دنوں صبر کر۔

۴۴۔ اے صاحب فال لعقول شخصے۔ لیثر راز دل کہہ کر ذلیل وخوار ہوتا ہے۔ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھ سامان بہتری کا عنقریب غیب سے پیدا ہوگا۔

۴۵۔ اے صاحب فال اللہ تعالےٰ کارساز ہے ناامید نہ ہو۔ گوہر مراد ہاتھ آئے گا لیکن تجھ پر ابھی چندروز سخت ہیں لہٰذا کسی کارِ جدید میں ہاتھ نہ ڈال اور خاموشی سے وقت کا انتظار کرتا رہ۔

۴۶۔ اے صاحب فال! نہ گھبرا کہ زمانہ قریب میں مسرت سے دوچار ہوگا کچھ دکاوٹیں ہیں جو خود بخود حل ہو جارہی ہیں۔ خوشنودیٔ خدا حاصل کرنے کیلئے ہمیشہ نیک کام میں دلچسپی لیا کر۔

۴۷۔ اے صاحب فال! تیرا یہ فعل مناسب نہیں ہے اس میں تیری تندرستی خراب ہوجائے گی لہٰذا اس کام کو فوراً چھوڑ دے اور غریبوں کی مدد کر۔

۴۸۔ اے صاحب فال! تو دنیا میں باعزت ہوتے ہوئے اپنے دل کی مراد انشاء اللہ تعالےٰ ضرور حاصل کرے گا

۴۹۔ اے صاحب فال! تیرا کام انشاء اللہ ضرور پورا ہوجائے گا۔ اللہ اور رسول ﷺ پر بھروسہ رکھ اور عبادت میں کاہلی نہ کر۔

۵۰۔ اے صاحب فال! تو کسی قسم کا غم و فکر نہ کر جو تو چاہتا ہے وہ تجھ کو حاصل ہو جائے گا مطمئن رہ۔ خدا مہربان ہے تو سب مہربان۔

۵۱۔ اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ حاسدین ہر وقت تیری مخالفت پر کمربستہ ہیں اس وجہ سے موقع بہ موقع تیرے ہر کام میں دخل دیتے رہتے ہیں اس لیے تیری بہتری کی راہیں مسدود ہیں۔ دعائے جوشن کبیر کو مشعل راہ بنا کہ حاسدین سے نجات ملے اور تجھ پر بہبودگی کی راہیں آسان ہوں۔

۵۲۔ اے صاحب فال! تو وہم سے کام نہ لے اور دل سے خدشہ نکال دے اللہ اور رسول پر بھروسہ رکھ تیرے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔

۵۳۔ اے صاحب فال! تو نیک نیت اور حسن سلوک سے رہا کر۔ برائی سے دور رہ سیدھا راستہ اختیار کر۔ اگر تو درود شریف کی کثرت کرے گا۔ تو اپنے دل کی مراد جلد پائے گا۔

۵۴۔ اے صاحب فال! صرف تھوڑے دنوں کی بات ہے۔ اگر تو اللہ کی ذات پر بھروسہ کر کے کوشش کو جاری رکھے گا تو تیرے دل کی مراد پوری ہو جائے گی۔

۵۵۔ اے صاحب فال! تو حصول مطلب کے لیے اتنی جلدی نہ کر۔ اگر تو اتنی جلدی کرے گا تو کام خراب ہو جائے گا۔ صبر سے کام لے کہ صبر منزل مقصود تک پہونچا دیتا ہے خیرات نذر و درود سے اور ایک مسکین کی کچھ روز تک پرورش کر۔

۵۶۔ اے صاحب فال! تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مایوس نہ ہو اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھ کر کام کر انجام اچھا ہوگا۔ اور مراد پوری ہوگی۔

۵۷۔ اے صاحب فال یہ کام تیرے بس کا نہیں ہے۔ اس میں خطرہ ہے اس ارادے سے باز آجا ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ درود شریف اور استغفار کی کثرت کر۔

۵۸۔ اے صاحب فال! جس بات کا ارادہ کیا ہے وہ پورا تو ہو جائے گا مگر اس میں تیری بھلائی نہ ہوگی خواہ اس پر عمل کر یا نہ کر تجھے اختیار ہے۔ صدقہ دینے سے غفلت کبھی نہ کر کہ صدقہ رد بلا ہوتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم زبان پر ورد رکھ کہ نجات پاوے۔

۱؎ یہ دعا آپ کو ہماری کتاب تسخیر العملیات (مولفہ رضی جونپوری) میں ملے گی۔

۵۹۔ اے صاحب فال تیرے دل کی خواہش جو ہے وہ ضرور پوری ہوگی مایوس کیوں ہوتا ہے۔ خدا کے فضل و کرم پہ بھروسہ رکھ۔

۶۰۔ اے صاحب فال یہ کام تیرے بس کا نہیں ہے۔ اس میں خطرہ ہے تو بلاوجہ اس کام کے لئے کوشاں ہے کسی اور کام کا ارادہ کر اور اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل نہ رہ صدقہ و خیرات دینے والے ہاتھ کو وسیع کر۔

۶۱۔ اے صاحب فال! تیری کوشش کامیاب ہوگی لیکن تو جلدی نہ کر اور اللہ و رسول ؐ کی یاد سے غافل نہ رہ نیز اپنے بزرگوں کے ادب کا خیال رکھ۔

۶۲۔ اے صاحبِ فال! تھوڑے دنوں کی بات اور رہ گئی ہے جس کام کا ارادہ کر رہا ہے انشاء اللہ اس میں کامیابی ہوگی۔

۶۳۔ اے صاحبِ فال تو کوئی غم اور فکر نہ کر، اپنی کوشش جاری رکھ۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو تیرا مقصد ہے حل ہو جائے گا۔

۶۴۔ اے صاحبِ فال! تو بڑا خوش نصیب ہے، بہت جلد تیری دلی مراد پوری ہو جائے گی۔

۶۵۔ اے صاحبِ فال! تو اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے گا لیکن سختی اور محنت بہت اٹھائے گا۔ اگر نیت ٹھیک ہے تو عزت و راحت اور کامیابی حاصل ہوگی۔

۶۶۔ رنج و غم سے نجات ملے گی۔ مرادیں پوری ہونگی۔

۶۷۔ جس خیال و فکر میں تو پریشان ہے اس میں آسانی ہوگی، غریبوں کی مدد کر۔

۶۸۔ کارو دشوار تر ہے وظیفہ و وظائف سے کام لے۔

۶۹۔ اے صاحب فال اپنی کوشش کو جاری رکھ اور اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک کر اور مسکین کو کھانا کھلا۔

۷۰۔ اے صاحبِ فال جس بات کو تو معلوم کرنا چاہتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیابی ہوگی۔ درود شریف کے پڑھنے سے غافل نہ رہ۔

۷۱۔ ابھی دیر ہے صبر کر۔ نماز سنتی کی کثرت کر دے۔

۷۲۔ اے صاحبِ فال وقت اچھا آگیا ہے۔ کوئی شخص تیری ضرور مدد کرے گا اور تو اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا نماز میں کاہلی نہ کر اور صدقہ دیتا رہ ★

فالنامہ شمس

اس فال کو فال شمسی کہتے ہیں اعتقاد صادق رکھتے ہوئے جب کبھی آپ ضرورت حائل کے تحت فال دیکھیں گے تو آپ اس فال کے ذریعہ سے صحیح مشورہ سے مستفیض ہوں گے۔ طریقہ اس فال کے دیکھنے کا یہ ہے کہ سب سے پہلے آپ غسل کر کے اپنے کو پاک و پاکیزہ کر لیں پھر بعد ادائے دو رکعت نماز حاجت، گیارہ بار درود شریف پڑھکر اپنے مطلب کے پیش نظر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگیں پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہکر آنکھوں کو بند کر کے دائرے کے اندر انگلی رکھیں جس ستارے پر انگلی پڑے اس کے متعلق کتاب سے جواب حاصل کریں۔

شمس

اے صاحبِ فال ہنوز خاموش رہ، ایک مہینہ کے بعد تیرا ستارہ منزل عروج کی طرف رخ کرے گا۔ قمر در عقرب کا خیال کرتے ہوئے تو جو کام شروع کرے گا اس کا انجام بخیر ہوگا۔ یہ فال زبان خاموشی سے گویا ہے کہ تو بڑے بڑے کام سر انجام دے گا۔ تیری امید برآئے گی رحمت حق شامل حال رہے گی اور یہ بھی یاد رکھ کہ اگر پرہیزگاری کو تو نے اختیار کیا تو تیرا دستر خوان کبھی مہمانوں سے خالی نہ رہے گا۔ تیری اولاد میں بعض بہت خوش نصیب ہونگے کہ دولت کے ڈھیر کھلیں گے بعض کو غیر ممالک کی سرزمین پر پھرنا پڑے گا اور وہاں پر انکی قسمت یاوری کریگی اور بعض وطن ہی میں کامیاب ہو جائیں گے مگر انجام کار سب خوش نصیب رہیں گے۔

قمر

اے صاحب فال! یقیناً تو خوش قسمت ہے تیری ہر جائز امیدیں فروز برآنی چاہئیں۔ لیکن اس میں جو کچھ خامی پیدا ہو جاتی ہے وہ تیری خود پیدا کردہ ہے دیکھ! بغض و حسد کو دل سے نکال ڈال اور عبادت الہٰی میں کوتاہی نہ کر مستقل مزاجی اختیار کر کہ جلد جلد رائے کا تبدیل کرنا بھی باعث نقصان و ناکامیابی ہوتا ہے اور یہی تیری غیر مستقل مزاجی تجھے سکون نہیں لینے دیتی جس کی بناء پر اکثر و بیشتر تو حادثات کا شکار ہو جاتا ہے۔ چنانچہ یہ ستارہ تیرے حق میں بزبانِ خاموشی گویا ہے کہ اب بھی تجھے زندگی میں دو مرتبہ ترقی کے مواقع میسر آئیں گے۔ اب ان سے فائدہ اٹھانا یا نہ اٹھانا یہ تیرا کام ہے۔ تیرا ایک دشمن ہے جو ہمہ وقت تیرے درپے آزار رہتا ہے نماز فجر کے بعد سات بار سورہ فجر کی تلاوت کیا کر اور رطب و نان سے کسی غریب کو آسودہ کیا کر۔

مشتری

اے صاحب فال! تجھے معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ ستارہ جو اس وقت تیری قسمت کی ترجمانی کر رہا ہے بذات خود سعد اکبر ہے خوش نصیب تیرے کہ تیری انگشت شہادت اس ستارے کے خانے سے متصل ہوئی۔ یاد رکھ کہ دشمن لاکھ تیرا درپے آزار ہوں لیکن تجھے قطعی نقصان نہیں پہونچا سکتے۔ اگر تیری طبیعت کہیں مائل ہو گئی ہے تو جائز طریقہ سے کوشش کر انشاء اللہ معشوق خوبرو ہاتھ آئے گا اور اگر اولاد سے گود خالی ہے تو نہ گھبرا، اس نعمت سے خداوند عالم بفضلہ تجھے چند دنوں میں مالا مال فرمائے گا۔ اگر کوئی عزیز گم ہو گیا ہے اور اس کا کوئی پتہ نہیں چل رہا ہے تو تو اس کی خیریت سے جلد آگاہ ہوگا۔ اور اس کے بعد ہی اس کے دیدار سے تیری آنکھیں

روشن ہوگی اور اگر خواہش سواری کی رکھتا ہے تو نہ گھبرا کہ ایک بہترین سواری بھی ہاتھ آئے گی۔ البتہ ہر مہینے کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھا کر اور ہر جمعرات کو مونگ اور روغن زرد حسب حیثیت صدقہ دیا کر۔

عطارد اے صاحب فال اس ستارے کے تحت تقدیر تیری اچھی ہے چند اور جو پریشانیاں تجھ کو لاحق ہیں یہ قطعی طور پر عارضی ہیں محض چند دنوں کی بات ہے۔ یہ فال اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ زمانہ قریب میں تجھے کچھ دولت حاصل ہوگی۔ ادھر کچھ ایام تجھ پر سخت ضرور ہیں، نہ گھبرا کہ ایک بندۂ صالح کے ذریعے سے تو اپنی مشکلات پر قابو پا جائے گا چونکہ یہ ستارہ عامل یوم چہار شنبہ ہے لہٰذا خاکی رنگ کا کپڑا اور آرد گندم حسب حیثیت ہر چہار شنبہ کو صدقہ دیا کر۔

مریخ اے صاحب فال تجھ پر واضح ہو کہ یہ ستارہ نحس اصغر ہے کبھی وفا نہ کرے گا تجھ کو جصہ سال میں خطرات سے دوچار ہونا پڑے گا۔ اپنے بیگانے ہو جائیں گے، دوستوں سے بیوفائی کے آثار ظاہر ہوں گے۔ بہتر ہے کہ تین مہینے تک کوئی کار جدید نہ کر اور صبر سے کام لے۔ یہ ستارہ عامل روز سہ شنبہ ہے لہٰذا بروز منگل حسب حیثیت مونگ کی دال اور گوشت صدقہ دیا کر۔ نماز میں کاہلی نہ کر اور دعائے نحوست کو اکیؒ پڑھ تاکہ گردش سے نجات ملے۔

زحل اے صاحب فال یہ ستارہ نحس اکبر ہے لیکن قیام برج حمل میں حسب موقع اپنے اثرات میں بحوالہ فٹ نوٹ نمبر ا تغیر و تبدیل پیدا کر لیتا ہے لہٰذا نہ گھبرا کہ یہ پریشانیاں تجھ پر صرف چند روز مسلط رہیں گی بعدہٗ شادمانی حاصل ہوگی۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ ایفائے وعدہ کا پاس نہ کرنے والے شرمندہ ہوں گے اور ان کی اسی شرمندگی کے پردہ میں تجھے فائدہ پہنچے گا۔ کچھ دولت کے بھی ملنے کا اشارہ یہ فال ظاہر کرتی ہے، بیمار پر ابھی چند دن اور سخت رہیں گے۔ عزیز گمشدہ کا خیال ابھی واپسی وطن کی طرف نہیں ہو رہا ہے مقدمہ میں اگر معقول پیروی نہ کی گئی تو کامیابی کی کم ہی امید نظر آتی ہے۔ ہاں اگر تو نے

اکیؒ: یہ دعا مکمل طور پر آپ کو ہماری کتاب "تسخیر العملیات" میں ملے گی

دعائے دافع نحوست کو اکیس پڑھی تو کوئی وجہ نہیں کہ کامیابی تیرے قدم نہ چومے۔ بہتر ہے کہ بروز ہفتہ تیل اور ماش صدقہ دیا کرے۔

زہرہ

اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ یہ ستارہ سعد اصغر اور عامل یوم جمعہ ہے۔ خوشا نصیب تیرے کہ تیری انگشت شہادت نے اس خانہ میں قیام کیا۔ نہ گھبرا کر پریشانی کے دن ختم ہوئے اور ساعت شادمانی سے قریب ہو رہا ہے۔ یہ ظاہر کرتے کہ فرصت نہیں کہ تیرے کام کا انجام کیا ہوگا اس لئے کہ یہ ستارہ تجھے بڑی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے جو اس امر کی شہادت ہے کہ تیرے ہمہ کارہا بخیر و خوبی انجام پائیں گے اب تجھے چاہئے کہ اپنے راستے کو اور ہموار کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر، سورۃ فجر و سورۃ جمعہ ایک ایک بار روزانہ ورد رکھ اور بروز جمعہ لونگ اور روغن زردمعہ قدرے شکر کے ساتھ صدقہ کر کہ تیرے اور تیرے عزیز غائب کے حق میں بے حد مفید ہوگا۔ اور اسکی واپسی انشاء اللہ جلد ہوگی۔

کیتو

اے صاحب فال تجھکو جو پریشانیاں لاحق ہیں عنقریب جاتی رہیں گی اور تو جو سفر کرے گا۔ وہ سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اور تو نے جو قرض دیا ہوا تھا اسکی وصولیابی کا امکان ہے۔ البتہ مقدمہ میں کامیابی کے امکان کم نظر آتے ہیں، ہاں وظیفہ و تعویذ سے تو تغیر و تبدل کر سکتا ہے۔ اپنے دوست نما دشمن سے ہوشیار رہ اور ہفتہ وار صدقہ دیا کر۔

راہو

اے صاحب فال: یہ فال ظاہر کرتی ہے کہ آجکل تو بہت زیادہ پریشان ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہے، نقصان اٹھاتا ہے تفکرات دن رات تجھے پریشان کرتے رہتے ہیں۔ مقروض بھی ہوتا جاتا ہے ادائیگی غیر ممکن ہوتی جارہی ہے صحت بھی اچھی نہیں رہتی۔ آمدنی آہستہ آہستہ کم ہوتی جارہی ہے۔ عزیزوں کی باتیں ناگوار خاطر معلوم ہو رہی ہیں۔ آئے دن کی تو تو ہیں میں نے بھی پریشان کر رکھا ہے۔ فلاح کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ ساری ظاہری تدبیریں بیکار ہو چکی ہیں ایسی حالت میں لست گھبرا اللہ تعالیٰ کو یاد کر۔ مایوسی کفر ہے۔ اس پالنے والے کے قبضے میں سب کچھ ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر دو تسبیح جس میں پورے سو دانے ہوں درود شریف کی اور سات بار سورۃ اخلاص و سورۃ فجر اور شب میں اسی قدر سورۃ رحمٰن کی پڑھ اور ۲ بجے رات کے بعد ایکمرتبہ اکیس روز تک دعائے دافع نحوست کو اکیس پڑھ کامیابی ہوگی۔

فالنامہ امتحان

اور اس کے دیکھنے کا طریقہ!

یہ فالنامہ نہایت صحیح ہے ان شاء اللہ آپ بھی اپنے مطالب مندرجہ عنوانات بالا کے پیش نظر اس فال کو درست پائیں گے. طریقہ اس فال کے دیکھنے کا یہ ہے کہ فجر کی اذان سننے کے بعد غسل کرے بعدہٗ حسب معمول دو رکعت نماز فجر بجا لاوے پھر قبلہ رو بیٹھکر تین مرتبہ درود شریف اس کے بعد ایکمرتبہ سورہ فاتحہ اور پھر تین بار سورۂ اخلاص اور پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھکر بصدق دل گویا ہو کہ اے مالک جز و کل جناب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں... فلاں (اپنا مطلب بہت آہستہ سے کہے) کے بابت ارشاد ہو اور آنکھ بند کر کے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہکر انگشت شہادت کو دائرے کے اندر رکھے جس دائرے کے اندر انگلی پڑے اس میں مندرجہ ہندسہ کو دیکھکر آپ مندرجہ میں اپنا مطلب تلاش کر لے۔

۱۔ اے صاحب فال تو ان شاء اللہ تعالےٰ امتحان میں کامیاب ہو جائے گا۔ نیاز دلیا۔

۲۔ اے صاحب فال اللہ تعالیٰ کو یاد کر اور اپنے گناہوں کی معافی مانگ اپنے والدین کا ادب کر اور ان کے کہنے پر عمل کر. عبادت الٰہیہ میں غفلت نہ کر تب تیری کامیابی ہوگی

۳۔ امید موہوم ہے. یقینی نہیں کہا جا سکتا. درگاہ احدیت سے اپنے پاس ہونے

کی دعا مانگ معبود برحق میں سب کچھ قدرت ہے۔

۴ :۔ اے صاحب فال پڑھنے میں محنت کر کہ نتیجہ اچھا برآمد ہوگا اس کے ساتھ نماز سے جی نہ چرا اور والدین کی اطاعت میں کسر نہ کر اور ان کی دعاؤں سے فائدہ اٹھا۔

۵ : خوش قسمتی استقبال کر رہی ہے عنبر اچھے حاصل ہوں گے نئیم کی مدد کر۔

۶ : فیل ہونے کے امکانات زیادہ ہیں۔ صبر کر اور سال آئندہ کے لئے محنت کر۔

۷ : تیری حق تلفی کیگئی ہے افسران بالا (متعلقہ محکمہ) سے رجوع کر۔ انشا اللہ نتیجہ اچھا برآمد ہوگا۔

۸ :۔ اے صاحبِ فال ! اسباق یاد کرنے کی پوری کوشش کر۔ یہ دنیا بذاتِ خود امتحان گاہ ہے۔ کذب و شرک و اور گناہوں سے پرہیز کر کہ امتحان میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے اور اس امتحان میں بذاتِ خود مطمین رہ کامیاب ہوگا۔

۹ :۔ اے صاحبِ فال نافرمانی والدین کی نہ کر الیسی حالت میں تو زندگی کے کسی امتحان میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔ تیرا یہ امتحان تو معمولی ہے۔

۱۰۔ بغیر محنت کامیابی غیر ممکن اور محنت کر۔

۱۱۔ پاس ہوجاتے گا مگر ساتھ دعا ر و نماز کے۔

۱۲۔ اے صاحبِ فال تیری خوش قسمتی تجھے منزل ترقی پر لے جارہی ہے تجھے چاہیے کہ نیک کام کے کرنے میں کوتاہی نہ کر اور نہ والدین کے حکم سے انحراف کر جس صورت سے تو اپنے اسباق کو یاد کر رہا ہے اتنی محنت کافی نہیں ہے۔ اور محنت کرنے کی ضرورت ہے تب نتیجہ اچھا برآمد ہوگا۔

فالنامہ انبیاء علیہ السلام

یہ فالنامہ نہایت مجرب ہے اور بہت صحیح مانا گیا ہے۔ اگر فال نکالنا ہو تو پاک و پاکیزہ ہو کر لباس بھلا سوا مدد ارشدہ اگر نیا ممکن ہو سکے پہنے اور با وضو ہو کر قبلہ رو بیٹھے اولاً پانچ بار درود شریف معہ بسم اللہ پھر تین بار سورۃ فاتحہ پھر تین بار سورہ اخلاص پھر ایک بار آیۃ الکرسی پھر آخر میں پانچ بار درود شریف پڑھکر سرکار دو جہاں حضرت پیغمبر آخر الزماں وبعد

جملہ انبیاء علیہم السلام پر ہدیہ کرکے اور دل میں اظہار مطلب کرلے اللہ تعالےٰ سے عقدہ کشائی و برآری کی استدعا کرکے آنکھوں کو بند کرکے اور انگشت شہادت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہتا ہوا نقشہ ذیل کے کسی خانہ میں رکھکر آنکھوں کو کھولے جس نام مبارک پر انگلی صفحات متعلقہ سے حالات معلوم کرے۔

حضرت آدم علیہ السلام

اے صاحب فال یہ فال نیک ہے مراد حاصل ہوگی اور مقصد خاطر خواہ برآمد ہوگا جس کام کا تو نے ارادہ کیا ہے وہ مشکل ہے لیکن پورا ضرور ہوگا ظلم و جبر سے جا ہے وہ تیری زوجہ ہی کیوں نہ ہو) پرہیز کر اور اس کو کسی پر روا نہ رکھ۔ محبت اور نرمی کی راہ اختیار کر۔ یہ یاد رکھ کہ اللہ تعالےٰ ظالموں کو کبھی دوست نہیں رکھتا۔ دل تنگ نہ ہو اور نماز میں کاہلی نہ کر کہ یہی ذریعہ نجات کا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام

اے صاحب فال اگر تو صاحب عزم ہے تو بسم اللہ جس کام کا ارادہ کیا ہے پورا کرنے کی سعی کر کامیاب ہوگا اگر کبھی جھٹکے کھانے کے بعد وہ بھی اگر دامن استقلال کو تو نے ہاتھ سے نہ چھوڑا تب دشمن تیرے برباد ہو جائیں گے۔ کامیابی تیری رفاقت اختیار کریگی اور پھر اس وقت جو بھی تیرے مد مقابل ہوگا اس کے حق میں تباہی یقینی ہے۔ روزی اور اولاد کی فراوانی ہوگی۔ بمعذور مخلوق خداوندی سے بہ

محبت پاش آ اور ادائیگی نماز سے غافل نہ رہ۔

حضرت صالح علیہ السلام

اے صاحبِ فال تیرے خوش ہونے ہوئے شکر کا سجدہ کرنا چاہیئے کہ یہ فال تیرے حق میں بہت اچھی ہے تیرے تمام جائز دلی مقاصد انشاء اللہ تعالےٰ پورے ہوں گے اور رب العزت اپنے حبیب اور ان کی آل کے طفیل میں تجھے فتنہ و فساد سے محفوظ رکھے گا۔ تجھکو اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل رہے گا جیسے کہ جناب حضرت صالح علیہ السلام اپنی قوم پر غالب رہے۔ اس سال کے اندر تجھے کہیں سے دولت ملنے والی ہے۔ صدقہ و خیرات دیکر اپنی منزل کو اور ہموار کر۔ دیکھ نماز میں غفلت نہ ہونے پائے ورنہ موقع ترقی ہاتھ سے نکل جائے گا۔ اور غیبی فائدے سے محروم رہے گا۔ بعد نماز عشاء سو بار درود بھی پڑھا کر۔

حضرت طالوت علیہ السلام

اے صاحبِ فال! فال اچھی ہے۔ بھلائی کی بشارت ہے۔ رنج و غم نہ کر کہ ایام عسرت و مصیبت تجھ پر سے گذر گئے گو دشمن اب بھی تیرے دشمن ہی ہیں نہ وہ مائل بہ دوستی ہوئے ہیں۔ اور نہ ہوں گے لیکن اب وہ تیرا کچھ نہ کرسکیں گے۔ اگر تیرے عزیزوں میں سے کوئی شخص کوئی چیز تجھ سے طلب کرے تو اس کے دینے میں بخل نہ کرنا کہ یہی تیرے لئے بھلائی کا باعث ہوگی۔ تھوڑے دن کی بات ہے پھر چین ہی چین ہے نماز دل لگا کر پڑھ۔

حضرت داؤد علیہ السلام

اے صاحبِ فال حکم خدا سے تیری پریشانیوں کا زمانہ ختم ہو چکا ہے۔ اب تو خوش و خرم رہے گا۔ جائز مقاصد دلی پورے ہوں گے کشادگی رزق کا وقت بھی قریب ہے۔ تیرے خلاف دشمن کی زبان بند ہو جائے گی جو عورت تیرے پیچھے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے لگی ہوئی ہے اس سے خوف کھا اور اس سے بچنے کی فکر کر اس کی شرارت سے تجھے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ صبر تحمل سے کام لے توبہ استغفار بکثرت کر اور نماز سے غافل نہ رہ۔ کہ باعث نجات و ذریعہ ترقی اور موجب خوشنودی خداوند عالم ہے

حضرت سلیمان علیہ السلام

اے صاحبِ فال خدا کا شکر ادا کر جن لوگوں نے تجھکو نقصان اور تکلیف پہونچائی ہے وہ خود اپنی سزا کو پہونچیں گے اور جو ایسا ارادہ کر رہے ہیں وہ اپنے مقاصد میں ناکام رہیں گے تیرے دل میں جو خوف طاری

ہے اس کو دور کر دے کسی کام میں جلدی نہ کرنا کہ یہ تیرے حق میں کبھی مفید نہ ہوگی اشیاء گم شدہ کی بازیابی کی قوی امید ہے۔ اگر کوئی غائب ہو گیا ہے تو وہ بھی جلد واپس آوے گا صبر اور قناعت سے کام لے۔ اللہ تعالیٰ تیری مراد ضرور پوری کرے گا۔ نماز کی پابندی کر۔ کاہلی اچھی عادت نہیں۔

حضرت ہارون علیہ السلام

اے صاحب فال مت گھبرا مصیبتوں اور پریشانیوں کے دن اب ختم ہو رہے ہیں۔ مالی پریشانیاں بھی عنقریب دور ہو جائیں گی جسمانی اور روحانی تکالیف کا زمانہ بھی ختم ہو رہا ہے۔ تیرے سب غم دور ہو جائیں گے۔ اگر تو مقروض ہے تو بار قرض سے بھی نجات مل جائیگی مریض شفا پائیگا۔ مسافر صحیح سلامت گھر واپس آجائے گا۔ حاملہ نعمت اولاد سے مطمئن رہے گی جو آرزو تو دل میں رکھتا ہے ضرور پوری ہوگی۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو بہترین رفیق حیات سے سابقہ پڑیگا۔ نماز کی پابندی کے ساتھ ساتھ درود شریف زیادہ پڑھا کر۔

حضرت یعقوب علیہ السلام

اے صاحب فال تو صبر سے کام لے اور اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھ کہ وہی بگڑی کا بنانے والا ہے۔ تو فی الحال ایک سخت آزمائش میں مبتلا ہوگا البتہ بعد میں راحت ملے گی۔ یاد رکھ اپنے کاموں میں نتیجہ خدا پر چھوڑ دے اللہ تعالیٰ بہتری کریگا۔ اپنے دشمنوں سے ہوشیار رہ کسی کے فریب میں مت آ یہ بہتر ہے کہ چندے گوشہ نشینی اختیار کر کہ تیرے حق میں مفید ہے۔ نماز کے ساتھ ساتھ اپنے کو وظیفہ و وظائف میں غرق کر دے کہ ایام کلفت جلدی سے گذر جائیں ورنہ رنج و غم کی کچھ دنوں تک فراوانی کا امکان ہے۔ بعد ۱۲ بجے رات بستر طاہر پر بیٹھ کر سورہ یوسف کی تلاوت کر۔

حضرت ذوالکفل علیہ السلام

اے صاحب فال تجھ کو خوشی اور فراخی رزق کی بشارت ہو تیرے لئے یہ سال مبارک چیزیں اور مبارک خبریں لے کر آیا ہے تجھ میں بے اعتباری کا اور جلد غصہ میں آنے کا بہت زبردست عیب ہے اور یہی تجھے پھلنے پھولنے نہیں دیتا اس کو دل سے نکال ڈال جھوٹی باتوں کو سنکر دل تنگ نہ کر اور اللہ تعالےٰ کی یاد سے غافل نہ رہ جو بات تجھے رنج پہنچا رہی ہے وہ بے بنیاد ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام

اے صاحب فال تو اپنی حاجت میں کامیاب ہوگا۔ تیری مراد پوری ہوگی اگرچہ تجھ کو ایک سخت مشکل درپیش ہے اور اس

مشکل کام کو آسان کرنے میں تو مایوس نظر آتا ہے۔ یاد رکھ تجھکو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مایوس نہ ہونا چاہیئے کہ یہ عادت منزل کفر میں داخل کر دیتی ہے۔ نہ گھبرا کہ پروردگار عالم تیری ہر مشکل کو آسان کر دے گا لیکن ہنوز صبر اختیار کر۔ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے جس شخص سے تو دل برداشتہ ہو رہا ہے۔ وہ تیرے موافق ہو جائے گا۔ سورہ ہود کی تلاوت اور درود شریف کی کثرت کر۔ کہ ایام کلفت جلد شادمانی سے بدل جائیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

اے صاحب فال۔ یہ فال مبارک ہے۔ درازی عمر اور ترقی عزو جاہ کی بشارت دیتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ تو کسی مشکل میں پھنس گیا ہے لیکن اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم تجھ پر نازل فرمائے گا۔ اور اس مشکل امر سے تجھ کو نجات مل جائے گی۔ یہ یاد رکھ کہ تجھے اپنی عمر کے آخری حصے میں ایک نعمت ملے گی حاسدوں سے خوف نہ کھا کہ وہ تیرا کچھ نہ کر سکیں گے لیکن اپنی احتیاطی تدابیر سے غافل نہ رہنا کہ شیوہ دانشمندی نہیں ہے۔ سورہ مریم کی بعد نماز فجر تلاوت کیا کر۔ تاکہ نعمت اولاد سے بھی مالامال ہو۔

حضرت یوسف علیہ السلام

اے صاحب فال تو اللہ اور اس کے رسول برحق کی برکت سے کامیاب ہوگا۔ جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں پر کامیابی حاصل کی تھی۔ پس صبر بہتر ہے تو لوگوں کے مکر و فریب سے بچتا رہ اس لئے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو تیرے درپے آزار ہیں اور تجھے دھوکا دینا چاہتے ہیں۔ عبادت الہیہ (نماز) ہی تجھے امن و اماں میں رکھ سکتی ہے لہٰذا اس سے غافل نہ رہ۔ تیرا ارادہ کہیں سفر کرنے کا ہے مگر یاد رکھ کہ یہ سفر تجھے راس نہ آئے گا۔ لہٰذا اجتناب بہتر ہے۔ زیادہ بہتر ہے کہ وظیفہ ہفت سلام کا جاری کر کہ تعداد اس کی گیارہ سو بار روزانہ ہونی چاہیئے کہ باعث کامیابی ہے جھوٹ سے پرہیز کر کہ یہی تجھے تباہ کر رہا ہے۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام

اے صاحب فال! یہ فال نہایت عمدہ اور باعث راحت فال ہے۔ اللہ تعالیٰ تجھ کو فرزند صالح عطا فرمائے گا اور اس بچے سے تجھ کو بہت آرام ملے گا کیونکہ تو نیک سیرت ہے اور تیری یہی خوبی حاسدین کے نظروں میں خار بنی ہوئی ہے لیکن اطمینان رکھ وہ تیرا کچھ نہ کر سکیں گے اس لئے کہ دشمن اگرچہ قوی ہے نگہبان قوی تر است البتہ تو روزہ نماز کی طرف سے غفلت و تساہلی نہ کر کہ یہی عبادت تجھکو دریائے پریشانی سے نکالنے والی ہے۔ یہ فال تجھے اس امر کی ہدایت کر رہی ہے کہ تو اپنے کسی کام

ہیں جلدی نہ کر ورنہ ہمیشہ نقصان میں رہے گا۔ سلامت روی تجھ کو تیری منزل سے ہمکنار کرتی رہے گی۔ پروردگار عالم تیرے رزق کو اپنی رحیمی و کریمی و اپنے حبیب و ان کے آلِ اطہار کے طفیل کشادہ کرے گا۔ یہ فال اس امر پر بھی دلالت کرتی ہے کہ تیرا گم شدہ بہت جلد واپس آئے گا۔ تیرا مریض بھی بہت جلد تکلیف اٹھا چکا ہے۔ عنقریب اسے شفا حاصل ہوگی۔ ہلاکت جو تیری طرف آرہی تھی اللہ تعالےٰ نے تجھکو اس سے نجات دی۔ اب بھلائی ہی بھلائی ہے۔ یاد رکھ کہ تیرے رشتہ داروں میں سے ایک مرد اور ایک عورت تیرے بہی خواہ ہیں تو ان کی مخالفت نہ کرنا۔ ہٹ دھرمی اور غصہ جو تیری عادت ثانیہ بن چکے ہیں تیرے حق میں بہت مضر ہیں لہٰذا ان سے پرہیز کر۔ بعد نماز عصر سورۃ معارج کی تلاوت کیا کر۔

حضرت لقمان علیہ السلام

اے صاحبِ فال! تیرے مصیبت کے دن ختم ہو چکے ہیں بہتر ہے کہ اب تو ایسے لوگوں سے پرہیز کر جو تیرے دوست نما دشمن ہیں۔ اگر تو صبر اور عاجزی سے کام لے گا اور گناہوں سے توبہ کرتا رہے گا اور اپنی خواہش اور حاجات کو اللہ تعالےٰ کے سپرد کردیگا تو انشا اللہ تعالےٰ تیرے مطالب بہت جلد پورے ہوں گے۔ یتیموں۔ بیواؤں اور بیکسوں کی حتی الامکان مدد کر۔ بدی کا جواب بدی سے نہ دے۔ اور آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے کی کوشش نہ کر ورنہ ہمیشہ پریشان رہے گا۔ تدبیر کو تقدیر پر مقدم نہ کر۔ بعد نماز ظہر سورۃ تغابن کی تلاوت کیا کر۔

سرکارِ دوجہاں رحمتِ دوعالم محبوبِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اے صاحبِ فال! تو بہت بڑا خوش قسمت ہے کہ تیری انگشت نے اس پاک نام کے خانہ میں قیام کیا تیرے نحوست کے دن دور ہو گئے۔ زمانہ موافق ہے کاروبار میں ترقی ہوگی اس لئے سامانِ تجارت کے خرید و فروخت میں کوتاہی نہ کر۔ ادھر خرید اور ادھر تھوڑے منافع پر فوراً فروخت کر ڈال۔ بجائے زیادہ نفع حاصل کرنے کے سرمایہ کو زیادہ زرگردش دے۔ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ ہمارے محبوب پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے والے رحم دل ہیں انکی ہر کام میں کامیابی ہی کامیابی ہے۔ آپ سے محبت کرنے والے ہر قسم کی تکلیف اور پریشانی سے دین و دنیا میں نجات حاصل کرتے ہیں اس لئے اگر تو آنحضرت صلعم سے محبت کرنا ہے تو درود شریف کی کثرت کر۔ عبادت الٰہیہ میں غفلت نہ کر اور سورۃ محمد ص کی تلاوت بعد نماز فجر و نماز عشاء بر جوع قلب

کیا کر پھر دیکھ کہ قسمت تیری تجھے کسقدر بلند مراتب تک لے جاتی ہے۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ اگر تو ملازمت کا متمنی ہے تو اس میں بھی بہت جلد کامیاب ہوگا مرض اگر تجھے پریشان کر رکھا ہے تو نہ گھبرا شفا ہوگی۔ اولاد کی فکر ہے تو انشاءاللہ نعمت اولاد سے مالا مال ہوگا۔ رفیق حیات کا متلاشی ہے تو بفضل ایزدی باشعور و باوفا رفیق زندگی سے سابقہ پڑے گا۔ عزیز گم شدہ یا دور افتادہ سے جلد ملاقات ہوگی۔ دختر کی شادی کے اسباب کے فراہم نہ ہونے سے پریشان ہے تو نہ گھبرا غیب سے سامان فراہم ہوگا۔ تیری تمام جائز حاجتیں پوری ہوں گی۔ بلاوجہ جو تجھ سے الجھے گا نقصان اٹھائے گا۔ اشیاء گمشدہ یا اس کا نعم البدل بہت جلد ہاتھ آئے گا۔ اگر ارادہ سفر ہے تو بسم اللہ ورنہ کر حرکت میں برکت ہے۔ ہرگاہ جو ارادہ کار کیا ہے اس سے روگردانی یا غفلت نہ کرنا۔ اگر غربت تیری سدِ راہ نہیں ہے یعنی یہ کہ تو بہت زیادہ غریب نہیں ہے تو پانچ پیسہ روزانہ آنحضرت صلعم کے نام پر نکال کر کسی غریب کو دیا کر اور اگر تنگدستی روزانہ کی اجازت نہ دے تو کم از کم ہفتہ میں ایک بار یہ پیسہ نکالا کر اور اگر بہت مجبور ہے تو ہر پنجشنبہ کو روزہ رکھ اور جس چیز سے تو روزہ افطار کرے پہلے اس پر نیاز آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دلا کر اسی نذر شدہ چیز سے روزہ افطار کر اور دو رکعت نماز شکر بجالا۔

حضرت عزیر علیہ السلام

اے صاحب فال! یہ فال اچھی ہے تجھ سے ایک عورت محبت کرتی ہے اور وہ عورت تیری سچی ہمدرد ہے اس سے تجھ کو مسرت و شادمانی حاصل ہوگی۔ اللہ تبارک تعالےٰ تیرے رزق میں برکت عطا فرمائیگا اور جو پریشانیاں اور تکلیفیں تجھے لاحق ہیں عنقریب ختم ہو جائیں گی۔ ایک بہی خواہ سے تجھ کو فائدہ پہنچے گا اور ایک دوسرا شخص جو تیرا مخالف ہے تجھے نقصان پہنچانے کے درپے ہے لہٰذا اس سے ہوشیار رہ۔ نماز ناغہ نہ کر اور سورۂ رحمٰن کی تلاوت کیا کر۔

حضرت شعیب علیہ السلام

اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ جس کام کیلئے تو نے فال نکالی ہے وہ کام پورا نہ ہوگا۔ آجکل تو بڑے رنج و غم میں مبتلا ہے اس لئے زبردستی اس مزید کام کو شروع کر کے نئی الجھنوں اور پریشانیوں کو مول نہ لے اللہ تعالےٰ تیرا رنج و غم دور کریگا۔ یہ بہت بری بات ہے کہ محض کاہلی اور سستی کی بنا پر اکثر تیری نمازیں قضا ہو جایا کرتی ہیں۔ تیرے دوست نما دشمن تیرے ساتھ ہیں اور تجھے

زک دینے کی کوشش میں لگے ہوتے ہیں ۔ تو ان سے ہوشیار رہ ۔ ان دنوں بہت زیادہ تو تفکرات میں مبتلا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بیماریاں تجھے گھیرے ہوتے ہیں ۔ تیرا کوئی رفیق تجھ سے جدا ہے نہ گھبرا کہ عنقریب ملاقات ہوگی اور جو تو اس کے حالات سے آگاہ ہونا چاہتا ہے تو تیری یہ خواہش فضول ہے اس سے درگذر کر۔ یہ فال اس امر پر بھی دلالت کرتی ہے کہ تو اپنی زندگی میں حج بھی کرے گا اور آنحضور کے روضہ اقدس کی زیارت سے بھی فیضیاب ہوگا ۔ اور وہ سوال جو تیرے دل میں ہے اسمیں استقامت اختیار کر انشاءاللہ کامیاب ہوگا ۔ بعد نماز فجر سورۂ مجادلہ کی تلاوت کیا کر ۔

حضرت نوح علیہ السلام

اے صاحبِ فال ! یہ فال دلالت کرتی ہے کہ نفس امارہ پر تجھکو فتح حاصل ہوگی اس لئے تیری مشکلیں تجھ پر آسان ہونگی اسلئے نہ گھبرا اور اپنی تگ و دو میں لگا رہ انشاءاللہ تیرے سارے کام تیرے حسب منشا ماٹز پورے ہوں گے ۔ تیری کشتی زندگی بہ خیریت ساحل مراد پر پہونچے گی ۔ تو انشاءاللہ نعمت اولاد سے بھی مالامال ہوگا لیکن اسقاط کی کچھ مشکلات بھی پیش آئیں گی ۔ مصیبت پر صبر اور غصے کو ٹھنڈا کر وہ دن دور نہیں ہے کہ جب تو عیش و آرام سے ہمکنار نہ ہو ۔ عبادت الٰہی دین و دونیا میں تیری سرخروئی کا باعث ہوگی لہٰذا اس سے غفلت نہ کر اور سورہ کہف و نوح کی تلاوت کیا کر تاکہ خوشحالی سے جلد از جلد دوچار ہو ۔

حضرت خضر علیہ السلام

اے صاحبِ فال ! یہ فال تیری خوش قسمتی کی علامت ظاہر کرتی ہے ۔ نہ گھبرا کہ عنقریب تیری تمام پریشانیاں دور ہو جائینگی اپنے ضمیر کو گندگی سے آلودہ نہ ہونے دے ۔ توبہ استغفار میں کثرت کر باعث ترقی منصب و عزت ہے ۔ تو ایک شریف خاندان کا چشم چراغ ہے ۔ جائے افسوس ہے کہ تیری ذات اور برائی کی طرف مائل ہوا گر تو پاکیزہ زندگی بسر کرنے کا عادی ہوگیا تو یاد رہے کہ ہر جگہ کامیابی تیرے قدم چومے گی ۔ مایوسی کو تیرے نام سے لرزہ آنے لگے گا ۔ جابر و ظاہر تیری نظروں میں حقیر معادم ہونے لگیں گے اور ہر مشکل امر میں تیرے لئے آسانیاں پیدا ہوتی چلی جائیں گی ۔ دشمنوں کا خوف تیرے دل سے جاتا رہے گا اور نوبت یہاں تک پہونچ جائے گی کہ دنیا کی عزت و وقعت تیری نظروں میں مچھر کے پر کے برابر بھی نہ ہوگی اور تیری ذات سے ہزاروں بندگان خدا کو فیض پہونچے گا ۔ برخلاف اس کے عذاب الٰہی میں مبتلا ہونے کیلئے تیار رہ ۔ اگر مقصد نیک ہے تو بسم اللہ سفر

کر انشاء اللہ تعالے کامیابی کی منزل پر پہونچے گا۔ یہ فال درازی عمر اور عافیت بدن کا بھی اظہار کرتی ہے۔ بعد نماز فجر وعشار سورۃ فتح کی تلاوت کیا کر۔

حضرت ادریس علیہ السلام

اے صاحب فال! یہ فال تیرے لئے مفید اور اچھی معلوم ہوتی ہے۔ تو قدر ومنزلت حاصل کریگا۔ دشمن تیرے ذلیل وخوار ہوں گے۔ اور حاسدوں کی حالت چاہ کنندہ راچاہ درپیش کے مصداق ہوگی۔ تیرے مراتب کی بلندی کا باعث ایک جلیل القدر ہستی ہوگی۔ تیری قسمت میں مال و دولت بھی مقدر ہے البتہ اولاد کے بارے میں تقریبًا نفی میں جواب ہے۔ اور اگر ہوئی بھی تو نافرمان اور ظالم ہوگی جس سے نہ ہونا بہتر ہے۔ ان غریبوں کی امداد میں غفلت نہ کر جو تیرے رشتہ دار ہیں چاہے ان کا رویہ تیرے حق میں جیسا بھی ہو۔ بعد ہر نماز سورہ مومنوں کی تلاوت بلا ناغہ کیا کر۔ باعث توسیع رزق ومنصب عزّ وجاہ ہے۔

حضرت زکریا علیہ السلام

اے صاحب فال تیرے حق میں یہ فال بہت مبارک ہے لیکن کچھ عرصہ تک صبر اختیار کرنا پڑے گا جب منزل صبر پر تو پورا اترے گا تو مال و اولاد دونوں نعمت سے انشاء اللہ سرفراز ہوگا۔ تندرستی جو تفکرات کی وجہ سے زوال پذیر ہوتی جارہی ہے وہ پھر آہستہ آہستہ اپنی اصلی حالت کی طرف مراجعت کریگی۔ قرض کا بار بھی باقی نہ رہے گا۔ دشمن اگرچہ گھر ہی کے لوگ ہوں گے لیکن وہ تیرا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے ان کی زبان تیری بدگوئی کے حق میں بند ہوجائے گی۔ یاد رکھ کہ یہ پریشانیاں جو تیرے سر پر مسلط ہیں محض تیرے صبر نہ کرنے کا نتیجہ ہیں جو ایک عارضی چیزیں ہیں اور جن کی بساط کو نیکی کی راہیں الٹ سکتی ہیں لہٰذا مستحق لوگوں سے عملی ہمدردی کر اور نماز نوافلہ سے دلچسپی پیدا کر اور سورہ نور کی تلاوت کیا کر۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام

اے صاحب فال! تیرے لئے یہ فال عقلمندی اور ذہانت پر مبنی ہے۔ تیری عقلمندی اور ذہانت سے ہی تمام کام اچھے ہوں گے اور تجھکو دنیا میں عزت حاصل ہوگی۔ ایک شخص جو تیرا دوست اور بہی خواہ ہے اور اس وقت تجھ سے دور بھی ہے عنقریب تجھ سے آکر ملے گا اس کا مشورہ تیرے لئے سودمند ہوگا۔ البتہ ایک عورت کینہ توز سے تجھ کو بہت زیادہ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے وہ تجھ سے بہت زیادہ مکر وفریب سے پیش آئے گی یہ تیرے حق میں بہت منیں

ہوگا کہ تو اس کی کسی بات پر عمل نہ کرتا۔ یہ فال تجھے ایک مکان کی بھی بشارت دیتی ہے اور یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ آخر وقت میں تیری گود اولاد سے بھری اور دولت تیرے قدموں سے کھیلتی ہوگی۔ تجھ پر لازم ہے کہ نماز پنجگانہ میں سے کسی نماز کے بعد یہ رجوع تا باب سورۃ آل عمران کی تلاوت بلاناغہ کیا کر جو پانچ مرتبہ درود اول و آخر کے بعد سورۃ مذکور شروع و ختم ہوگا۔

حضرت ہود علیہ السلام

اے صاحب فال اس وقت ہمت اور استقلال کی ضرورت ہے کسی دوست یا کسی بچھڑے ہوئے کی یاد تجھے اکثر ستاتی ہے اللہ تعالیٰ کی رحمت پر بھروسہ رکھ۔ یہ فال بشارت دیتی ہے کہ تجھ کو رزق میں فراخی حاصل ہوگی اور تیرا انجام اچھا ہوگا۔ کسی کی شرکت میں کاروبار نہ کر کہ اس تجارت کے طریقہ کار میں تجھ کو نقصان پہونچے گا اگر کوئی بیمار ہے اور علالت طوالت پکڑتی جا رہی ہے تو صدقہ آسمانی[1] دے اگر مرض مرض الموت نہیں ہے تو انشاء اللہ شفا ہوگی۔ غصہ اور شک کو دل سے نکال دے کہ جو تیرے لئے باعث نقصان ہے سورۃ انفعال کی روزانہ ایک مرتبہ تلاوۃ کیا کر۔

حضرت یونس علیہ السلام

اے صاحب فال جو تو نے سفر کا ارادہ کیا ہے تیرے حق میں بہتر ہے کہ تو اپنے اس ارادے کو فی الحال ملتوی کر دے اس لئے کہ یہ سفر تیرے لئے مفید نہ ہوگا۔ بلکہ ایک جگہ قیام اچھا رہے گا۔ فرمان الٰہی ہے کہ جو شکر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ میری یاد (اللہ تعالیٰ کی یاد) کرے گا اس کو زیادہ دوں گا اس لئے اے صاحب فال تو عبادت الٰہیہ میں کوتاہی نہ کر اور معبود کا نہ شکر گزار نہ بن اگر شادی کرنے کا ارادہ ہے تو یہ ارادہ مبارک ہے بہتر رفیق زندگی سے واسطہ پڑے گا۔ یہ فال اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ تو قید رنج و محن سے بہت جلد مخلصی پائے گا اور عیش و عشرت سے ہمکنار ہوگا۔ نعمت اولاد بھی تیرے لئے مقدر ہے۔ سورہ یٰسین کی کہ کلام پاک کا دل ہے تلاوت کیا کر بیکسوں کی مدد اور غریبوں کا سہارا بن کر ان کی دعائیں مت فائدہ حاصل کر۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

اے صاحب فال یہ فال خوشخبری کا اور ہر طرح کے رنج و غم سے نجات دلانے کی دلالت کرتی ہے جس کام سے تو مایوس ہو لے

---

[1] صدقہ آسمانی کس کو کہتے ہیں؟ یہ صدقہ کس کس موقعہ پر دیا جاتا ہے؟ اس صدقہ کے دینے کے طریقہ کیا ہیں، نیز اس کی اہمیت وغیرہ کی مکمل تفصیل آپکو ہماری کتاب تسخیر العملیات میں ملیگی ملاحظہ فرمائیں

ہے اس میں تو عنقریب کامیاب ہوگا۔ شکستہ دل نہ ہو انشاء اللہ تجھے مال و دولت حاصل
ہوگی اور تیری ہر پریشانی اور مشکلیں آسان ہوتی چلی جائیں گی۔ یہ فال اس امر پر بھی
دلالت کرتی ہے کہ تیری ذو اولاد بہت صالح ہوگی۔ تیرا دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔
عزیز گمشدہ با عزت و آبرو کامیاب و کامران ساتھ دولت و ثروت کے واپس آویگا۔
مریض جا و مرض کو مثل تار عنکبوت کے توڑ کر پھینک دیگا۔ اور صحت حاصل کریگا۔ تجھکو
ایک بار کسی جابر و قاہر اور ظالم حاکم سے سابقہ پڑے گا جو تیرے ساتھ انتہائی بے رحمی
اور نخوت کے ساتھ پیش آئیگا۔ لیکن آخر کار تیری جیت اور اس کی شکست ہوگی اسلئے
کہ تو مظلوم ہوگا۔ تیرے دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ اسباب خیر و برکت غیب
سے پیدا ہوتے جائیں گے۔ تیری قسمت میں حج اور مدینہ منورہ کی زیارت مقدر ہے
یاد رکھ کر کسی کے حقوق غصب نہ کرنا خواہ وہ تیری اولاد ذکور یا اولاد اناث ہی کیوں نہ
ہو نماز اور روزہ ایسی نعمت سے روگردانی نہ کرنا یا تساہلی عمل میں نہ لانا۔ غرور اللہ تعالےٰ
کو ناپسند ہے اگر مبتلائے غرور ہوا تو یاد رکھ تیری تمام نیکیاں آنِ واحد میں برباد ہو
جائیں گی اور پھر کہیں تیرا حشر بھی جیسا نہ ہو اس لئے کہ منزل غرور بہت ہی خطرناک
منزل ہے۔

فالنامہ علم النجوم

یہ فال نامہ علم النجوم ہے اور یہ بھی نہایت مستند فالنامہ مانا گیا ہے لہٰذا خلوص نیت
کے ساتھ تین بار درود شریف۔ ایک بار سورہ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پھر تین بار درود
شریف اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ
وَتَفَاءَلْتُ بِاَسْمَائِکَ فَاَرِنِیْ۔ پھر زیر لب اظہار مطلب کر کے بہ آہستگی تمام گویا ہو
کہ اے خالق دو جہاں اپنی رحیمی و کریمی اور اپنے حبیب پاک و ان کی آل اطہار کے
طفیل اپنے اس بندۂ گنہگار کی مشکل کو آسان کر اور غیب سے جواب شافی عطا فرما۔ اس
کے بعد آنکھوں کو بند کر کے اپنی انگشت شہادت کو ذیل کے خانوں میں رکھے پھر
آنکھوں کو کھولے اور خانہ متصلہ انگشت شہادت کو دیکھکر بروج متعلق کی کیفیت

صفحات آئندہ سے ملاحظہ کرے۔ اور ہدایات مندرجہ کے مطابق عمل کرے۔
انشاءاللہ کامیاب رہے گا۔

حمل

اے صاحب فال تو مستقل مزاجی سے کام نہیں لیتا۔ جلدی جلدی اپنی رائے بدلتا رہتا ہے جس کی وجہ سے تیرے جملہ کام بگڑتے جاتے ہیں۔ صبر سے کام لے۔ پریشانی کے کچھ ہی دن باقی ہیں نہ گھبرا اللہ تعالےٰ کامیاب کریگا۔ عبادت الٰہی سے غافل نہ رہ اور صدقہ دینے سے گریز نہ کر۔

جدی

اے صاحب فال تو مستقل مزاجی سے کام لے اس وقت استقلال اور ہمت کی بہت سخت ضرورت ہے تیرے حاسد تو بہت ہیں لیکن وہ تیرا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ توبہ واستغفار کی کثرت کر اسی کے ذریعہ سے تیری بہت سی مشکلیں آسان ہوجائیں گی۔ غریبوں اور بیکسوں کی امداد سے منھ نہ موڑ۔

ثور

اے صاحب فال تیری دلی مراد انشاءاللہ پوری ہوجائے گی اور عنقریب رنج وغم تجھ سے رخصت ہوجائیں گے البتہ ارادہ سفر سے باز آجا کہ یہ سفر تجھ کو مبارک نہ ہوگا۔ اولاد تیری نیک اور صالح ہوگی اور تو اس سے آرام پائے گا۔ اولاد صالح کا ہونا تیرے خوش قسمت ہونے کی بہت بڑی نشانی ہے۔ زمانہ

قریب میں تو ایک خوشی سے ہمکنار ہوگا۔ ادائیگی نماز کے سلسلہ میں تو نفس امارہ کی پیروی مت کر یہ ہمیشہ تجھکو نیک کاموں کی انجام دہی سے ورغلاتا رہے گا۔ صدقہ ہمیشہ آنے والی بلاؤں کو رد کرد یا کرتا ہے لہذا صدقہ دینے سے گریز نہ کر۔

دلو اے صاحب فال! تو آج کل ذہنی تفکرات میں مبتلا ہے طبیعت تیری فکر مند اور پریشان رہا کرتی ہے۔ تیرے خیالات پراگندہ اور فاسد ہیں۔ نیک کاموں کی طرف طبیعت راغب نہیں ہوتی۔ فرائض کی ادائےگی میں کوتاہی کرتا ہے اللہ پر بھروسہ کر اور اللہ تعالیٰ کی عبادت سے کاہلی نہ کر اس مرتبہ سفر تیرے حق میں مفید نہ ہوگا۔

سنبلہ اے صاحب فال! نہ گھبرا کہ تیرے ایام مصیبت گذر گئے۔ رحمت خداوندی سے تو ہمکنار ہو رہا ہے۔ حاسدین اور دشمنوں سے تو خوف نہ کھا کہ وہ تجھے کچھ گزند نہ پہونچا سکیں گے۔ اگر بیمار ہے تو بہت جلد شفا ہوگی۔ بزرگوں کی اطاعت کر اور درویشوں و مسکینوں کی خدمت کر تیری آرزو پوری ہوگی۔ نماز میں درود کی کثرت کر۔

جوزا اے صاحب فال تو آج کل ذہنی تفکرات میں مبتلا ہے لیکن اس امر سے آگاہ ہو کہ تیرے گردش کے دن ختم ہو رہے ہیں۔ جو کام تیرا ادھورا رہ گیا ہے وہ بھی انشاءاللہ تعالیٰ پورا ہو جائے گا۔ تیری تقدیر میں ایک بہترین ساتھی لکھا ہے اس سے تجھ کو کافی آرام ملے گا۔ رزق میں کشادگی ہوگی تیرے مقدر میں اولاد صالح ہے اے صاحب فال اس بات کو ہمیشہ یاد رکھ کہ تیری اولاد اور رفیق حیات کے علاوہ تیرا عزیز قریب ترین تیرا دشمن ہوگا اس لئے تجھے بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ نماز سے غفلت نہ کر۔

قوس اے صاحب فال! یہ فال بہت مبارک ہے اب گردش کے دن قریب قریب ختم ہیں۔ اللہ تعالیٰ تیرے دلی مقاصد کو پورا کرے گا۔ عزت و وقار میں ترقی ہوگی۔ غصہ کو کام میں نہ لا۔ رب کو سچے دل سے یاد کیا کر نتیجۃً اسباب خیر و برکت غیب سے پیدا ہوں گے اچھی چیزیں میسر آنا شروع ہونگی غائب جلد واپس آویگا۔ بجائے اشیاء گم شدہ کے تجھے اس کا نعم البدل ملے گا۔ دشمنوں کی تعداد کم ہوگی۔ اشیاء تجارت میں زیادہ نفع لینے کی کوشش نہ کر۔ یہ فال اس امر

پر بھی دلالت کرتی ہے کہ ملازمت تجھے نافع نہ ہوگی۔

ثور اے صاحب فال! نہ گھبرا تیرے دل کی جس کی محبت موجزن ہے وہ بھی تجھ سے محبت کریگا۔ تیری زندگی اچھی گذرے گی۔ دین و دنیا کی بھلائی حاصل ہوگی۔ بزرگوں کا ادب کران سے فیض پہونچے گا۔ تو نیک کام کرنے میں سبقت کیا کرتا کہ اپنی مشکلات پر حادی رہے۔ ادائیگی نماز سے جی نہ چرا۔ بعد نماز عشاء ہمیشہ ایک تسبیح درود شریف پڑھا کر۔ اگر تو مقدمہ متدائرہ سے پریشان ہے تو نہ گھبرا کہ اس میں تجھے کامیابی حاصل ہوگی۔ اولاد ناخلف سے اگر نالاں ہے تو اس کی طرف توجہ نہ کر یہ تیرے ہی ناجائز محبت کا نتیجہ ہے جس نے اس کو خودسر بنا دیا ہے۔ لہٰذا اس کی اس کی حالت پر چھوڑ دے زمانہ کی ٹھوکریں اسے خود سیدھا کر دیں گی۔

اسد اے صاحب فال! اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھ اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کر۔ نیک کام سے منھ نہ موڑ تجھ میں ضد کا مادہ بہت ہے جو تجھے اکثر گناہ کی طرف مائل کر دیتا ہے اور یہی اسباب تیری تباہی کا بن جاتا ہے لہٰذا اس عادت سے کنارہ کشی اختیار کر تاکہ تیرے بگڑے ہوئے کام سنور جائیں اور تجھے دنیا میں پھولنے پھلنے کے مواقع جو میسر آتے ہیں وہ بیکار ضائع نہ جائیں۔ ہفتہ وار حسب حیثیت جو تجھے میسر آئے صدقہ دیا کر۔

سرطان اے صاحب فال اس وقت تو پریشان حال ہے اور بیقرار رہتا ہے نہ گھبرا کہ عنقریب تیری یہ پریشانیاں دور ہو کر تیرے آنے والے دور خوشحالی میں تبدیل ہو جائیں گی۔ تیری ہر جائز خواہش انشا اللہ ضرور پوری ہوگی۔ تجھے اولاد فرمانبردار بھی ملے گی۔ نیاز بزرگانِ دین سے غافل نہ رہ۔ نماز دل لگا کر پڑھ اور مجبوروں کی اعانت کر اور مستحقین کا حق غصب نہ کر۔ عالم دین کی عزت کر کہ موجب خوشنودی خداوند عالم ہے۔ بروز جمعہ قبل نماز جمعہ میٹھی چیز حسب استطاعت صدقہ دیا کر اور درمیان ایک و دو بجے شب نماز حاجت دو رکعت بہ رجوع قلب بجا لایا کر۔

میزان اے صاحب فال اب تک تو نے کافی پریشانیاں اٹھائی ہیں اور مالی نقصانات بھی برداشت کیے ہیں۔ مبارک ہو کہ تیرا وہ دور پریشانیوں اور مصیبتوں کا اب ختم ہو جائے گا۔ اور ان مالی نقصانات کی جواب تک تجھے پہنچ چکے ہیں تلافی ہو جائے

گی. تجھے خوشی حاصل ہوگی. بگڑے ہوئے کام درست ہوں گے. سفر راس آئے گا. بسم اللہ کر. مقدمہ میں کامیابی ہوگی لیکن فضول خرچی سے پرہیز کر. رزق میں برکت ہوگی دیکھ تیرے گھر کے چند افراد اپنی نماز میں کوتاہی کررہے ہیں. تو ذمہ دار ہے کہ ان سے اس مذموم عادت کو ترک کرا اور ان میں نماز کے پڑھنے کی عادت ڈال چاہے تجھے اس میں سختی ہی کیوں نہ کرنی پڑے.

عقرب اے صاحب فال! چند دنوں کی بات ہے صبر کر ان دنوں کچھ ایام تجھ پر سخت ہیں جو لوگ تیرے حق میں نیش عقربی کررہے ہیں ان سے ہوشیار رہ اور محتاط قدم اٹھا ورنہ نقصانِ کثیرہ میں مبتلا ہوگا. پھر اس کے بعد راحت ہی راحت ہے. دشمنوں کو شکست ہوگی. حکام مہربانی کے ساتھ پیش آئینگے رزق میں کشادگی ہوگی. نعمت اولاد سے مالا مال ہوگا غیر بھی اپنوں جیسا سلوک کرنے لگیں گے ہر الجھا ہوا کام سلجھ جائے گا. سجدۂ شکر میں غفلت نہ کرنا.

فالنامہ ولادت

یہ فالنامہ بے حد مستند اور عقلائے روزگار کا آزمودہ ہے. اگر اس فالنامہ کو زائچہ مولود دکھا جائے تو بیجا نہ ہوگا. اسلئے کہ اس خبر کے ساتھ ساتھ کہ فلاں زن حاملہ کے لڑکا ہوگا یا لڑکی مولود کے مختصر خواص زندگی کو بھی ظاہر کرتا ہے. اسے فال قمری بھی کہتے ہیں. طریقہ اسکا یہ ہے کہ جب فال دیکھنا مقصود ہو اس امر کہ زنِ حاملہ فلاں بنتِ فلاں اور اگر نام نہ معلوم ہو تو زن حاملہ زوجہ انکے پسر تولد ہوگا یا دختر تو سب سے پہلے اپنے کو پاک و پاکیزہ کرکے دھلا ہوا کپڑا عطر سے معطر کرکے زیب تن کرے. پانچ بار اول و آخر درود شریف. ایک بار سورۂ فاتحہ تین بار سورہ اخلاص پڑھکر گویا ہو اے رب السمٰوٰت والارض اپنے و اپنے حبیب پاک و ان کی آل اطہار کے تصدق میں ارشاد ہو کہ فلاں زنِ حاملہ بنت فلاں یا زوجہ فلاں) آں مرتبہ بسر ہنے گی یا دختر اور مختصر خواص زندگی اس مولود کے کیا ہوں گے. آنکھیں بند کرکے بعد کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ذیل کے نقشہ پر انگلی رکھے آنکھوں کو کھولے جس خانہ پر انگشت شہادت ہو صفحات آئندہ ان کے حالات مندرجہ سے

آگاہی حاصل کرے۔

شمس

اے صاحب فال! اگر تیری انگشت شہادت نے خانہ شمس میں قرار پکڑا ہے تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس مرتبہ تیرے یہاں فرزند کی آمد ہوگی جو صاحب علم و اقبال ہوگا۔ کینہ پروری سے منھ نہ موڑیگا حالانکہ اس طریقہ الفت کے برتنے میں نقصان کثیرہ سے واسطہ پڑے گا۔ چونکہ خود صاحب قسمت ہوگا، دولت کی فراوانی ہوگی لہٰذا احساس زیاں نہ ہوگا۔ رجحان زیادہ تر تجارت کی طرف کرے گا۔ اور اس سلسلہ میں کثیر السفر ہوگا۔ چونکہ یہ ستارہ سلطان الکواکب ہے لہٰذا تقدیر بلند ہوگی البتہ زمانے کی ہوائے سم آلود سے محفوظ نہ رہ سکیگا۔ رفیقان خود غرض ہمہ وقت گھیرے رہیں گے۔ بارہواں سال اس پر سخت گزرے گا لہٰذا بارہواں سال شروع ہوتے ہی ہموزن گندم صدقہ دیکر ردِ بلا کا سامان پیدا کر۔

مشتری

اے صاحب فال! مبارک ہو کہ تیری انگشت شہادت سوئے خانہ مشتری آئی۔ یہ ستارہ سعد اکبر ہے۔ اولاد نرینہ کی بشارت دیتا ہے چونکہ خود عامل روز پنجشنبہ ہے لہٰذا ولادتِ مولود اگر بروز جمعرات ہوئی تو فرزند عالم دین ہوکر اپنے لئے اس دنیا میں ایک خاص مقام حاصل کرے گا فرحات دنیاوی سے نفرت ہوگی۔ دین کی خدمت میں جان کی بازی تک لگانے سے دریغ نہ کرے گا۔ والدین اور اپنے بزرگوں کا خدمت گذار ہوگا لیکن یہ سب باتیں اسوقت پیدا ہوسکیں گی جب والدین تعلیم و تربیت کے حقوق سے غفلت نہ برتیں گے۔ عمر طویل بشرطیکہ پانچویں سال کی

بیماری بخیریت گذر گئی۔ چاہیے پانچویں سال کے شروع میں سات قسم کے اناج قدرے
چاندی سوا گز نیا کپڑا معہ ایک چھٹانک نبات کے وقتاً فوقتاً پورے سال بھر
تک صدقہ دیتا رہے تاکہ رد بلا ہو۔

مریخ

اے صاحب فال یہ ستارہ کوتوال فلک اور عامل روز سہ شنبہ ہے
لیکن نحس اصغر ہے۔ اولاد نرینہ کی بشارت دیتا ہے اگر مولود بروز منگل
بہ ساعت مریخ پیدا ہوا تو انتہائی جنگ جو۔ بدمزاج، غصہ ور طبیعت کا مالک ہوگا۔
ملازمت سے رغبت ہوگی صیغۂ امور انتظامیہ میں ملازمت کرے گا۔ اور عہدۂ جلیل کا
مالک ہوگا۔ چونکہ فطرۃً چالاک ہوگا۔ لہٰذا ہر معاملہ میں ہر ہر قدم پر اپنے فائدہ کا سب سے پہلے
خیال رکھے گا کسی دوسرے کو فیض نہ پہونچا سکے گا۔ دشمنوں کی تعداد زیادہ تو ہوگی لیکن سب
خائف رہیں گے اور نقصان نہ پہونچا سکیں گے۔ چور۔ ڈاکو۔ راہزن خوف سے لرزہ براندام
رہیں گے اور اگر کہیں بذات خود برائی کی طرف مائل ہوا تو ایک نامی گرامی ڈاکو ہوگا جو عوام
الناس اور اہلکاران انتظامیہ کے لئے ایک درد سر ہوگا اور ان کا قافیہ تنگ کر دے گا۔
چونکہ ایک خطرناک اور قاتل بھی ہوگا لہٰذا عورت اور شراب کے چکر میں پھنس کر گرفتار ہوگا اور
بالآخر پھانسی ہوگی بصورت دیگر اپنی زندگی کے آخری سانس تک دوسروں پر حاوی رہے
گا۔ کثیر الاولاد ہوتے ہوئے زندگی عیش سے بسر کرے گا۔

قمر

اے صاحب فال! مبارک ہو کہ خداوند عالم تجھے باقسمت دختر عطا کرے
گا جو تیرے خاندان کی نیک شہرت کا باعث ہوگی۔ اگر تو نے تعلیم و
تربیت پر معقول توجہ دی تو کوئی وجہ حائل نہیں ہو سکتی کہ اس کو زندگی کے بہترین منازل
کے پُر لطف ماحول سے ہمکنار نہ ہونے دے۔ تین قران۔ پانچواں ساتواں اور نواں سال
سخت ہوگا لہٰذا ہر مخدوش سال میں ہموزن غلہ صدقہ دے انشاء اللہ خطرات سے باہر
رہے گی۔

زہرہ

اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ یہ ستارہ سعد اصغر اور عامل روز جمعہ
ہے۔ تجھے دختر بلند اختر کی بشارت دیتا ہے اگر ولادت بروز جمعہ بہ ساعت
زہرہ ہوئی تو پھر اس قسمت کی بلندی اپنے انتہائی عروج پر پہنچ کر فخر قوم بننے کی بشارت
دیتی ہے مال وزر کی فراوانی ہوگی دشمنوں کی تعداد کم اور دوستوں کی زیادہ ہوگی ابتدائً

قانونی نکات سے بہت زیادہ واسطہ پڑے گا۔ رحم اور محبت بدرجہ اتم موجود ہوں گے۔ گیارہواں سال خطرات میں مبتلا ہونے کی خبر دیتا ہے لہٰذا اس پورے سال میں ہر ہر قدم پر احتیاط رکھنا اور صدقات کا وقتاً فوقتاً دیتے رہنا بہتر ہوگا۔ باقی آئندہ سال بہتر اور خوشحالی سے مملو ہوں گے۔

عطارد

اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ اس مرتبہ تو ایک فرزند نافرمان کا باپ بنے گا لہٰذا بموجب احکام شرعیہ کچھ دعائیں دافع نحوست ہیں کہ ان کے پڑھنے سے ایک مدت معینہ کے بعد حالات خود بخود تبدیل ہو کر صاحب وظیفہ کے حق میں استوار ہو جاتے ہیں۔ پڑھ اور پسر مذکورہ کی عادت کے سنوارنے میں ایک بہتر معاون بن جو تیرے ضعیفی کے زمانے میں تیرے لئے باعث راحت بنیں گے۔

زحل

اے صاحب فال! آگاہ ہو کہ یہ ستارہ نحس اکبر ہے اور عامل یوم ہفتہ ہے ویسے پسر کے تولد ہونے کی بشارت دیتا ہے جن کی طرف سے تعلیم و تربیت میں اگر غفلت برتی گئی تو نوید قسمت ہوگا۔ کچھ وظیفہ و وظائف سے بھی کام لے تاکہ مولود کی زندگی خوشگوار بن سکے۔ غبی اور ضعیف العقل ہونے کے بھی آثار ہیں دوسروں کے لئے باعث آزار نہ ہوگا۔ البتہ اکثر و بیشتر اپنا نقصان خود کرتا رہے گا۔ عمر طویل ہوگی جو خطرات سے پاک و صاف ہوگی۔

قمر درعقرب

زمانہ قمر درعقرب ہر مہینہ میں ڈھائی دن کا ہوتا ہے لہٰذا متنبہ آگاہ کیا جاتا ہے کہ ایسی کوئی صورت پیدا نہ ہونی چاہیئے جو استقرار حمل کا باعث بن سکے لہٰذا اے صاحب فال آگاہ ہو کہ ایام قمر درعقرب میں ہر قسم کا پرہیز واجب و لازم جان مختصراً اس قدر تحریر کرنا کافی ہوگا کہ اس دوران (ایام قمر درعقرب) حمل قرار پا گیا اور ولادت لڑکے کی ہوئی تو وہ ہر پنج عیب شرعی ہوگا۔ دنیا کی کوئی برائی۔ شراب خوری۔ قمار بازی۔ چوری۔ ڈکیتی۔ زناکاری۔ افعال خلاف وضع فطری خیانت وغیرہ وغیرہ کا مرتکب ہوتا رہے گا اور اگر مسئلہ دختر کا رہا تو اس کے افعال بھی انتہائی شرمناک اور غیر پسندیدہ ہوں گے۔ ناچ گانے سے بہت زیادہ رغبت رہے گی۔ اس لئے طوائف کی زندگی اختیار کرنے پر مائل ہوگی۔ شادی سے اجتناب کریگی اسلئے کہ گھریلو زندگی اسے پسند نہ ہوگی۔ البتہ خوشامدیوں کا ہجوم اور دولت کی فراوانی ہوگی جس قدر جلد

دولت کی آمد ہوا کرے گی اسی قدر بے دریغ خرچ بھی ہوگی۔ شراب پینے کا بھی چسکا پڑ جائے گا اور قمار بازی بھی عادتِ ثانیہ بن جائے گی آخر عمر میں جب کہ زمانہ شباب کا رخصت ہو چکا ہوگا امراض خبیثہ میں مبتلا ہو کر در بدر کی ٹھوکریں کھائے گی اور آخری زندگی بسر کرنے کا ذریعہ گداگری ہوگا۔ اس لئے اے صاحب فال! گناہوں سے توبہ کر اور اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کرلے کہ ایام قمر در عقرب میں مقاربت سے ہمیشہ پرہیز کر اور اس کو ایک ایسی خطرناک بیماری جان جو خاندان کو تباہ کرکے ان کے پرخچے اڑا دیتی ہے۔

دربیان پھڑکنے اعضاء و شگون چھپکلی

بیان بابت پھڑکنے اعضاء

ناظرین رسالہ ہذا سے یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ اکثر و بیشتر اعضاء انسانی غیر ارادی طور پر حرکت میں ایک بہت ہی قلیل عرصہ یعنی لبا اوقات صرف چند سکنڈ کیلئے ایک خفیف جھٹکے کے ساتھ جب آنے لگتے ہیں تو اسی کو اعضاء کا پھڑکنا بھی کہتے ہیں لہٰذا حکمائے قدیم نے ان اعضاء کے پھڑکنے کے نتائج کو مرتب کرنے کی زحمت گوارا فرمائی اور بہ اتفاق آراء اپنے ان تجربوں کو تحریری صورت میں بغرض استفادہ عوام پیش جو کتاب در کتاب منتقل ہو کر عامۃ الناس کی نظروں سے گذرتے رہتے ہیں جن میں کچھ تو سعد ہیں اور کچھ نحس جنکی تفصیل حسب ذیل ہے۔ لہٰذا اگر ان اعضاء کے پھڑکنے کے اثرات اچھے ہیں تو دو رکعت نماز شکر بجا لاکر شکر خلاق عالم ادا کرتا رہے اور اگر اثرات بد ہیں تو توبہ استغفار کر اور حسب حیثیت مستحقین کو صدقہ دے کہ صدقہ ردِ بلا اور محافظ جان ہوتا ہے اور اگر کوئی مستحق نظر نہ آتا ہو تو کسی چوراہے پر رکھ دے۔

سر: ـ اگر درمیانہ پھڑکے تو علامت جاہ و جلال ہے، مال و دولت حاصل ہوگا روز بروز میں دن دونی اور رات چوگنی ترقی حاصل کرے۔ اگر جانب راست یعنی دائیں طرف پھڑکے تو مراد دلی بر آوے۔ اقبال بلند ہو دولت کثیر قبضہ میں آوے اور اگر بائیں طرف کا حصہ پھڑکے نقصان کثیر اٹھائے گا اور اگر پیشانی پھڑکتی ہو تو سفر درپیش ہوگا لیکن فائدہ کثیر ہوگا۔

گوش: ـ اگر کان بائیں طرف کا پھڑکے۔ نقصان زر و جواہر ہوگا۔ بلا سبب لوگ آمادہ بہ فساد

ہوں گے۔ عزیز غیر ہو جائیں گے۔ سفر راس نہ آئے گا بیماری طوالت اختیار کریگی۔ اشیائے گمشدہ کی بازیابی غیر ممکن صورت اختیار کر جائے گی۔ اگر کان دائیں جانب کا پھڑکے تو کار خیر زیادہ تر انجام پائیں گے آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ غیر اپنے بن جائیں گے۔ اولاد سے گود بھرے گی۔

ابرو:۔ بائیں طرف کی پھڑکنے پر نقصان اور دائیں طرف کی پھڑکنے پر ہر طرح کا فائدہ ہے

چشم:۔ اگر آنکھ بائیں طرف کی پھڑکے تو علامت رنج وغم ہے اور اگر دائیں طرف کی پھڑکے تو مسرت وشادمانی سے ہمکنار ہوگا۔ گری پڑی رقم ہاتھ آئے گی یا پھر وراثت میں ملی ہوئی دولت پائے گا۔ عزیز و اقرباء سے بہت جلد ملاقات ہوگی۔ دشمن ذلیل ہوں گے۔

رخسار:۔ اگر دایاں رخسار پھڑکے رزق میں کشادگی ہوگی بیمار صحت پائے گا برخلاف اس کے مزید بیماری سے ہمکنار ہوگا تنگدستی غالب آئے گی۔ قدم قدم پر نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

ناک:۔ اگر دایاں حصہ پھڑکے تو سفر درپیش ہوگا لیکن سود مند نہ ہوگا اور اگر بایاں حصہ پھڑکے رنج پہونچے لیکن صورت معمولی ہوگی اور اگر درمیانہ حصہ پھڑکے گا۔ علم وحکمت میں کامل ہوگا۔ فائدہ ہر ہر قدم پر حاصل ہوگا۔ مراتب بلند ہوں گے دشمنوں کو شکست ہوگی۔

لب:۔ لب بالا کے پھڑکنے مژدہ تو حاصل ہونے کی امید رکھنی چاہیئے اگر لب زیریں پھڑکے عزیز یا دوست مسافرت سے باز آجائے گا اور ملاقات کی بہتر صورت پیدا ہوگی۔

گلا:۔ اگر گلا پھڑکے تو یہ علامت غذائے لطیف کے میسر آئے گی۔ جو زر حلال سے ہوگی۔

زنخداں:۔ کے پھڑکنے سے عزیز یا دوست یاد کرتے ہیں۔

بازو:۔ اگر دایاں بازو پھڑکے تو مرتبہ بزرگ کے پانے کی علامت ہے۔ محبوب خلائق ہوگا اور اگر بایاں بازو پھڑکنا شروع کرے تو بچھڑے ہوئے عزیزوں اور دوستوں سے ملاقات ہوگی۔

بغل۔ اگر دائیں جانب کی پھڑکے تو دوست سے رنج اٹھائے گا۔ اور اگر بائیں جانب کی بغل پھڑکے تو دولت غیب سے ہاتھ آئے گی۔ عزیز خلائق ہوگا۔

انگلیاں:۔ اگر دائیں ہاتھ کی پھڑکیں سفر درپیش ہوگا لیکن فائدے کے ساتھ۔ اور اگر یہی انگلیاں بائیں ہاتھ کی پھڑکیں تو یہ یقین کر لینا چاہیئے کہ سفر پُرخطر سے واسطہ پڑیگا۔

کہنی:۔ اگر دائیں کہنی پھڑکے تو اس کو بیماری سخت کا پیش خیمہ سمجھنا چاہیئے اور اگر بائیں کہنی پھڑکے تو زندگی کے خوشگوار منازل سے ہمکنار ہو۔ صحت بہتر ہوتی رہے۔

پشت: اگر دایاں حصہ پشت پھڑکے تو قدرے رنج کا سامنا ہوگا یا کسی مہلک بیماری

میں مبتلا ہوگا۔ لیکن یہ تکلیف بہت مختصر ہوگی اور اگر بایاں حصہ پشت پھڑکے تو رفیق زندگی مالدار ملے گا۔ جائیداد متنازعہ کا تصفیہ بہت جلد ہوگا حقوق ملکیت حاصل ہو جائیں گے۔

سینہ: اگر دایاں حصہ پھڑکے گا۔ رنج و غم سے واسطہ پڑے گا اور اگر بایاں حصہ پھڑکے گا دولت دنیا سے مالامال ہوگا۔ بیمار ہے تو صحت ہوگی۔

دل: اگر دل پھڑکنے لگے اور دایاں حصہ اثر انداز ہوتا ہو تو رنج و غم کا سامنا ہوگا۔ اور اگر جانب چپ پھڑکے دشمن پر غالب ہو اور دولت حاصل ہو۔

ناف: اگر ناف پھڑکے معمولی امراض کی شکایت ہوگی لیکن صحت بھی جلد حاصل ہوگی اور اگر زیر ناف یہی علامت ظاہر ہو تو صدمہ مفارقت سے دوچار ہوگا۔

ران: اگر داہنی ران پھڑکے۔ دولت عزت و وقار اور نعمت اولاد سے مالامال ہوگا۔ اور اگر بائیں ران پھڑکے رفیق زندگی سے جدائی ہوگی لیکن یہ زمانہ فراق عارضی ہوگا۔

پیر: اگر دایاں پیر پھڑک رہا ہو۔ سفر در پیش ہوگا لیکن دولت کثیرہ ہاتھ آئے گی اگر بایاں پیر پھڑک رہا ہو۔ رفیق زندگی خوبصورت علیم، بردبار، باسلیقہ، وفاشعار اور مالدار ہاتھ آئے

پنڈلی: اگر دائیں پنڈلی پھڑک رہی ہو تو دوست دشمنی پر آمادہ ہوگا اور اگر بائیں پنڈلی پھڑکے تو علامت فرزند کے پیدا ہونے کی ظاہر کرتی ہے۔ جو صاحب علم و اقبال بھی ہوگا۔

ٹخنہ: اگر دائیں جانب کا پھڑکے۔ سفر بے فائدہ ہو۔ رنج میں مبتلا ہو اور اگر بائیں جانب کا پھڑکے جنگ و جدل سے واسطہ پڑے گا

تلوے: اگر دائیں پیر کا تلوا پھڑکے رفیق حیات ملنسار ملے گا اور اگر بائیں پیر کا تلوا پھڑکے سفر در پیش ہوگا لیکن طوالت خیز ہوگا۔

بیان شگون سعد و نحس بذریعہ گرنے چھپکلی متعلق جسم انسانی

عقل انسانی جب کسی معمولی چیز کا بھی بنظر غائر مطالعہ کرتی ہے تو وہ بغیر کسی نتیجے پر پہنچے ہوئے پھر کہیں درمیان میں نہیں رک سکتی بشرطیکہ ذوق تجسس اسی بلند خیالی کے ساتھ مائل پرواز ہو جو روز اول لاحق تھا۔ اسی ذوق تجسس کا نتیجہ عنوان ہذا بھی ہے جس کو عقلائے روزگار اور حکمائے قدیم نے بعد غور بسیار سپرد قلم فرمایا ہے اور اب ہم تلاش بسیار کے بعد سپرد کتاب ہذا کر رہے ہیں تاکہ ناظرین و ناظرات بعد ملاحظہ فائدہ حاصل کریں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اگر چھپکلی سر کے اوپر گرے تو نہ گھبرائیے کہ یہ شگون بہت نیک ہے۔ عزت و حرمت بڑھے گی سرداری کی غمازی کرتی ہے اور فال نیک کے ساتھ مال و دولت کے فراوانی کیطرف اشارہ ہے۔

اگر چھپکلی دونوں پاؤں کی انگلیوں اور انگوٹھوں پر گرے تو مبارک ہو کہ فرزند کے پیدا ہونے کا اظہار کرتی ہے اور بیمار کے حق میں بہترین صحت کی طرف اشارہ ہے۔

اگر چھپکلی پاؤں کی پشت پر گرے تو بہت بڑی خوشی حاصل ہو۔ نیک ہے۔

اگر چھپکلی مسجد میں جماعت کے درمیان گرے تو مخلوق اور بادشاہ کو نقصان پہنچے گا۔

اگر چھپکلی گھر کے اندر بزرگ خاندان کے سامنے گرے تو گھر والوں کو نقصان پہونچے گا۔

اگر چھپکلی ہونٹ پر گرے تو شگون بد ہے۔ دشمن موقع دیکھکر حملہ کریگا لہٰذا حفاظتی تدابیر کر۔

اگر چھپکلی ناک پر گرے تو پڑوسی سے تعلقات بدمزہ ہوں اور نوبت جنگ و جدل کی پہونچے۔

اگر چھپکلی کمر پر گرے تو تندرستی حاصل ہو۔

اگر چھپکلی عورت کے بازو پر گرے تو نحس ہے سخت پریشانی اور رنج و غم سے واسطہ پڑے گا صدقہ دیوے غسل کر کے دو رکعت نماز تحفظ پڑھے تاکہ نحوست دفع ہو۔

اگر چھپکلی ہاتھ کی انگلیوں پر گرے تو شگون نیک ہے: فائدہ کثیر ہوگا۔

اگر چھپکلی سر کے دائیں جانب گرے تو شگون بد ہے خبر المناک سننے میں آئے گی۔ صدقہ دینے اور عبادت الٰہی سے گریز نہ کرے کہ پھر ذریعہ راحت کے پیدا ہوں گے۔

اگر چھپکلی سر کے بائیں جانب گرے تو تحقیر و تذلیل کی صورت پیدا ہوگی اور نقصان مال میں مبتلا ہوگا۔ صدقہ دے کہ صدقہ رد بلا ہے۔

اگر چھپکلی مانگ کے اوپر گرے تو عزیز قریب ترین کی خبر موت سے دوچار ہوگا۔ صدقہ دلوے۔

اگر چھپکلی بھوں پر گرے نقصان زر و مال میں مبتلا ہوگا۔ صدقہ دینا بہتر ہے۔

اگر چھپکلی بائیں کان پر گرے تو تجارت میں فائدہ ہوگا۔ مال و زر غیب سے ہاتھ آئیگا۔

اگر چھپکلی دائیں کان پر گرے تو امراض وبائی میں مبتلا ہوگا۔ صدقہ دلوے۔

اگر چھپکلی گردن پر گرے تو دشمن کی طرف سے جان جانے کا خوف ہوگا۔ اعمال صالح بجالانے کی کوشش کرے تاکہ خطرات آمدہ سے محفوظ رہے۔

اگر چھپکلی گدّے پر گرے تو دشمن پر فتحیاب ہوگا۔ مقدمہ متدائرہ کا فیصلہ بہتر اور نافع ہوگا۔

اگر چھپکلی دونوں کہنیوں پر گرے تو زیانِ جان و مال ہے۔

اگر چھپکلی سینہ پر گرے تو یہ شگون بہت نیک ہے۔ گوہر مقصود ہاتھ آئے گا۔

اگر چھپکلی پیر کی طرف سے جانب سر جاتی ہو تو باعث ترقی زر و مال ہو گی۔

اگر چھپکلی سر کی طرف سے جانب پیر جاتی ہو تو رنج و غم اور بیماری سے دوچار ہو گا۔
لہٰذا صدقہ دلوے اور توبہ و استغفار بہت کرے۔

اگر چھپکلی اوپر سے گرے تو شگون نیک ہے دنیاوی ترقی حاصل کریگا۔

اگر چھپکلی زمین سے جسم انسانی پر آوے تو زوال کا باعث ہو گی۔

اگر چھپکلی اپنے مقام سے اچھل کر جسم انسانی پر آوے تو باعث راحت ہے۔

اگر چھپکلی خاموشی کے ساتھ جسم انسانی پر ظاہر ہو تو زوال ہو گی۔

اگر چھپکلی کمر تک آکر جسم انسانی سے اچھل کر زمین پر گرے تو زر کثیر ہاتھ آوے۔

اگر چھپکلی کمر تک آکر پھر اپنا منہ نیچے کر کے اتر جائے تو جسمانی و مالی تکلیف میں مبتلا ہو گا۔

اگر چھپکلی خواب میں نظر آئے تو باعث رنج و غم ہو گی۔

اگر چھپکلیاں خواب میں باہم لڑتی نظر آئیں تو دشمن پر ظفریاب ہو گا۔

اگر چھپکلی بروز جمعرات جسم انسانی پر گرے تو اسباب نحوست مائل کریگی۔

اگر چھپکلی بروز جمعہ جسم انسانی پر گرے تو مسرت و شادمانی سے ہمکنار کریگی۔

اگر چھپکلی بروز ہفتہ جسم انسانی پر گرے تو موجب رنج و ملال ہو گی۔

اگر چھپکلی بروز یکشنبہ جسم انسانی پر گرے تو تندرستی بہتر ہو۔ مال غنیمت ہاتھ آئے۔

اگر چھپکلی بروز دوشنبہ جسم انسانی پر گرے تو مرض مہلک میں مبتلا ہو گا۔

اگر چھپکلی بروز سہ شنبہ جسم انسانی پر گرے تو احتمالِ نقصانِ جان ہے

اگر چھپکلی بروز چہارشنبہ جسم انسانی پر گرے تو مریض مرض مہلک سے شفا یاب ہو

اگر چھپکلی اول وقت دن میں جسم انسانی پر گرے تو فائدہ مند ہے۔

اگر چھپکلی وقت جلال جسم انسانی پر گرے تو نقصان دہ ہے۔

اگر چھپکلی سہ پہر کو جسم انسانی پر گرے مریض صحت پاوے۔

اگر چھپکلی بوقت شام جسم انسانی پر گرے محبوب خلائق ہو۔

اگر چھپکلی رات میں جسم انسانی پر اپنی بہترین علامت کے ساتھ گرے مال و دولت اور نعمت اولاد سے مالا مال ہو۔ دشمن ذلیل و خوار ہو۔

یہ امر ناظرین و ناظرات کتاب ہذا سے پوشیدہ نہ رہے کہ چھپکلی کے یوم اور وقت کے گرنے کے ساتھ ساتھ اعضاء انسانی کو جس کی مکمل تشریح اوراق گذشتہ میں کردی گئی ہے فراموش نہ کریں گے اگر شگون بہترین ہے تو اسکی بہتری میں اور اضافہ ہوگا اور اگر علامات بد نظر آئیں تو صدقات اور عبادات کو فراموش نہ کرے کہ یہ چیزیں دافع رنج و بلا ہیں۔

در بیان خواص چھینک

یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ شگون نیک و بد کے حاصل کرنے کے سلسلے میں جہاں دیگر امور پر توجہ دیکر ان سے یہ نتیجہ حاصل کیا جاتا ہے وہاں بر وقت روانگی و شروع کرنے کوئی کار جدید انسانی چھینک کو اگر دیکھا جائے تو اس کو بھی بہت بڑا دخل حاصل ہے۔ حالانکہ اس سلسلے میں ابھی تک تحریری طور پر کوئی ضابطہ مرتب نہیں ہوا ہے اس لئے کہ مشاہدات اور تجربوں میں اختلاف ہے مثلاً وقت روانگی کسی کو ایکبار چھینک آئی تو جانے والے نے اپنا ارادہ ملتوی کردیا یعنی کہ جس مقصد کے لئے وہ سفر کررہا ہے وہ پورا نہ ہوگا کہ معًا دوسری چھینک پھر ہوئی اب اس نے پھر ارادہ سفر کیا یعنی اب مقصد حقیقی پورا ہوگا بعضے ایک ہی چھینک کو بہتر اور پیہم دو چھینکوں کو ناقص خیال کرتے ہیں مختصر یہ کہ جستجو بسیار و کثرت آرا کا نتیجہ حسب ذیل ہے۔ اس سلسلہ میں دن کا بہت زیادہ خیال رکھا جاتا ہے۔

یکشنبہ:۔ اگر یہ روز اتوار بر وقت یا شروع کرنے کار جدید مشرق کی طرف سے چھینک آکی آواز سنائی دے تو اس کو شگون نیک سمجھنا چاہیئے جس کار جدید کا ارادہ ہے شروع کردے کہ انجام بخیر ہوگا اور اگر ارادہ سفر ہے تو بسم اللہ ضرور سفر اختیار کر کہ مقصد سفر بحسن خوبی انجام پائے گا۔ دوست سے راحت پائے گا۔ اور اگر آواز چھینک گوشۂ مغرب و جنوب سے پیدا ہو تو کار تو میں ابتری اور سفر میں پریشانی لاحق ہوگی اس لئے جھنجلاہٹ اور غصہ مزاج میں زیادہ ہوگا۔ ترک اولی بہتر ہے۔ اگر خاص جنوب کی جانب سے آواز چھینک سماعت کرتا ہے تو باعث بشاشت ہے۔ دولت حاصل ہوگی لہذا سفر اور کار جدید کو ترک نہ کر۔ اگر گوشۂ مغرب و جنوب سے آواز ظاہر ہوتی ہے تو سفر سے باز آئے کار جدید کے سلسلے میں صبر و قناعت اختیار کر اور یہی آواز چھینک مغرب کی جانب سے آئی ہے تو غذائے لطف کے ملنے کی دلیل ہے البتہ مسافرت کی گھڑیاں باعث تکلیف نہ ہوں گی لیکن کوئی خاص فائدہ بھی نہ ہوگا۔ کار جدید نہ کرنے سے کرنا بہتر ہے اگر گوشۂ مغرب و شمال سے چھینک کی آواز آئے تو تمام دن برداشتہ خاطر رہے گا لہذا کوئی کار جدید شروع نہ کرتے ہوئے گھر ہی میں رہنا بہتر ہے۔ اور اگر خاص شمال کی طرف سے

صدائے چھینک پیدا ہوتی ہو تو سفر یقینی اختیار کر دولت کثیر ہاتھ آئے گی۔ اگر گوشۂ مغرب و شمال سے یہی آواز پیدا ہوتی ہو تو تمنائے دلی بر آئے گی بسفر و کار جدید کی ابتدا مبارک ہو گی بفکرات رخصت ہوں گے۔

دو شنبہ:۔ اگر بروز پیر مشرق کی طرف سے چھینک کی آواز آتی ہو تو قناعت کر نہ سفر میں گھر سے باہر قدم نکال اور نہ کسی کار جدید کی ابتدا کر کہ ہر طرح سے زیان ہوگا۔ اگر گوشۂ جنوب مشرق سے آواز آتی ہے تو یہ شگون نیک ہے نقل و حرکت اور کار جدید میں برکت ہو گی۔ اور اگر چھینک کی آواز جنوب کی طرف سے آئے تو مال و متاع دستیاب ہوگا۔ نئے کام کو ضرور شروع کر البتہ سفر زیادہ سود مند نہ ہوگا۔ اور اگر سمت گوشۂ مغرب اور جنوب ہو تو بچھڑے ہوئے عزیز اور دوست سے ملاقات ہو گی کہیں آنے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اگر مغرب کی طرف سے چھینک آواز آتی ہو تو اس امر پر یقین رکھے خطرات اور رنج و غم بحالت سفر ضرور پیش آئیں گے اور اگر کچھ مغرب اور شمال سے چھینک کی صدا پیدا ہوئی ہے تو مال و دولت کے حاصل ہونے کی امید ہے لیکن یہ فائدہ مقامی ہوگا اور اگر خاص کر مشرق کی طرف سے چھینک کی آواز آئی ہے تو دعوت کے بہترین مواقع میسر آئیں گے اور اگر یہی آواز گوشۂ جنوب و مشرق سے پیدا ہوئی ہے تو ضرور سفر اختیار مراد ملے

سہ شنبہ:۔ اگر آواز چھینک، کی مشرق کی طرف سے پیدا ہوئی ہے مالی نقصان میں مبتلا ہوگا لہٰذا احتیاط رکھ ارادہ سفر و کار جدید کا لفظ تو ترک کر دے۔ اور اگر آواز گوشہ مشرق و جنوب سے پیدا ہوئی ہے تو مقاصد دلی ضرور پورے ہوں گے لیکن ارادہ سفر نہ کر کہ یہی بہت بہتر ہوگا۔ بغیر نقل و حرکت کے ان شاء اللہ مراد بر آئے گی کار جدید جس کے کرنے کا ارادہ ہے بغیر پس و پیش کے شروع کر دے۔ اگر چھینک کی آواز جنوب کی طرف سے آئی ہے تو یہ علامت کسی لحاظ سے اچھی نہیں ضد اور ہٹ دھرمی میں جسمانی اعضا کو صدمہ پہنچے گا۔ اگر آواز گوشۂ مغرب و جنوب سے پیدا ہوئی ہے تو ہر کام پر ان لوگوں سے جن کو تو اپنا بہی خواہ سمجھتا ہے ہوشیار رہ کر اس مرتبہ یہی تیرے لئے نقصان دہ ثابت ہوں گے۔ اگر خاص کر مغرب سے یہ بھی آواز پیدا ہو گی تو مال و زر کی کثرت ہو گی سفر مبارک ہوگا۔ کہ حرکت میں برکت ہے اور اگر آواز چھینک خاص شمال سے پیدا ہو تو ضرور کار نو کے لئے سفر اختیار کرے حصول مراد سے ان شاء اللہ کام ہوگا۔ اگر آمد آواز چھینک از گوشۂ مغرب و شمال ہے تو نقصان زر اور تکلیف ہو گی۔

چہار شنبہ:۔ اگر بدھ کے روز آواز چھینک شمال کی طرف سے پیدا ہو تو دولت کثیر ہاتھ آئے

گی. سفر میں سراسر فائدہ ہے اور اگر گوشۂ مغرب وجنوب سے صدائے چھینک پیدا ہو تو تکلیف
و پریشانی کے ساتھ دولت حاصل ہوگی. اور اگر جنوب کی طرف سے چھینک کی آواز آئی ہے تو
مقصد دلی حاصل ہوگا. اگر یہی آواز شمال سے سنائی دے تو قطعی سفر نہ کرے کہ آلام و
مصیبت میں گرفتار ہوگا. اور نقصان جان کا بھی اندیشہ ہے. اور اگر مشرقی بجانب شمال
یہ آواز پیدا ہوئی ہے تو بہترین دوست سے ملاقات ہوگی.

پنجشنبہ:۔ اگر جمعرات کے روز مشرق کی طرف سے چھینک کی آواز آئے تو مالی نقصان
باعث رنج وغم ہوگا. اگر گوشۂ مشرق وجنوب سے چھینک اٹھے تو دہشت موت سے ہمکنار
ہوگا. اور اگر خاص جنوب سے آواز چھینک کی آئے تو سکون قلبی حاصل ہوگا اور اگر یہی صدا گوشۂ
مغرب جنوب سے پیدا ہو حصول زر کا سامان غیب سے فراہم ہوگا اور اگر مغرب سے چھینک کی آواز پیدا
ہو تو نوید شادی ہے اگر گوشۂ مغرب وجنوب سے آواز چھینک کی پیدا ہو نامرادی رنگ لائیگی
اگر جانب شمال سے چھینک کی صدا سنے خوشی اور راحت میسر آوے گی. اگر مشرق وشمال سے آواز
پیدا ہو. خوف ودہشت لرزہ براندام کردیں گے.

جمعہ: اگر بروز جمعہ شمال کی جانب سے چھینک کی آواز پیدا ہو تو خوف وخطر کا مقام ہے ہرگز
سفر نہ کرے اور نہ کوئی کار جدید کرے اور اگر گوشۂ جنوب وشمال ہو مراد دلی پوری ہوگی بعد
الفراغ نماز جمعہ یقینی سفر کرے اور اگر جنوب کی طرف سے چھینک کی آواز آئے تو قدرے زرو
مال ضائع جائے گا. اگر مغرب کی گوشۂ جنوب چھینک کی آواز پیدا ہو تو رنج وملال سے دوچار ہوگا
اگر خاص کر مغرب کی طرف سے آواز آئی ہے تو خوشی اور خرمی کا باعث ہوگا. اور اگر گوشۂ مغرب
وشمال ہو حرکت قلب متزلزل ہوگی. اگر شمال سے صدائے چھینک سننے میں آئے تو دور افتادہ
دوست یا عزیز سے ملاقات ہوگی اور اگر گوشۂ مشرق وشمال ہے تو خوشی سے ہمکنار ہوگا.

شنبہ:۔ اگر ہفتہ کے دن مشرق کی طرف سے چھینک کی آواز آئے طعام لذیذ سے لطف
اندوز ہوگا کار ہائے جدید بہتر طریقہ پر انجام پائیں گے. سفر بخریت تمام ہوگا اور واپسی کامیابی
وکامرانی کے ساتھ ہوگی. اگر جنوب ومشرق سے آواز چھینک پیدا ہو مراد دلی پوری ہوگی
اگر گوشۂ مغرب وجنوب سے یہی آواز پیدا ہو. دشمن سے نقصان پہونچے گا اگر آواز
مغرب کی طرف سے آئے دل غمزدہ آرام پائے گا اور اگر گوشۂ مغرب سے آواز آئے پریشانی
لاحق ہوگی. اگر جانب شمال سے آواز آئے مال وزر حاصل ہو اور اگر گوشۂ مشرق سے آواز

پیدا ہو تو ارزوئے دلی کا برآنا محال ہوگا۔

یہاں پر یہ بات یقیناً قابل ذکر سمجھی جائے گی کہ (۱) اگر چھینک بسبب سردی یا زکام کے پیدا ہو تو قابل اعتبار نہ ہوگی (۲) جو چھینک عمداً لی جائے گی اس کے بھی کچھ اثرات پیدا نہ ہوں گے (۳) نابالغ، بیوہ اور زنِ عقیمہ کی چھینک بھی بیکار محض ہے۔ زن حائضہ کے چھینکنے سے رنج و غم کی علامت ظاہر ہوگی۔

تجربہ:۔ یہ بات ۳۰ سال سے میرے تجربے میں متواتر آرہی ہے کہ جب کبھی میں نے ارادہ سفر یا کسی کار جدید کے کرنے کا کیا اور معاً ایک چھینک کی آواز میرے کان میں آئی خواہ وہ خود میری ہی چھینک کیوں نہ ہو) اور میں نے اس کام یا سفر سے منھ نہ موڑا تو یقیناً خسارے میں رہا اور اگر بہم دو چھینکیں ہوئیں (خواہ وہ اپنی ہی کیوں نہ ہوں) میں نے بلا تکلیف سفر یا کار جدید اختیار کیا فائدے میں رہا۔ پہلے تو دو چار مرتبہ توجہ نہ دی۔ البتہ اب ایک چھینک پر کار جدید یا سفر کو ترک کرنا اور متواتر دو چھینکیں پر اپنے ہر کام کو پایہ تکمیل پر پہونچانا یہ میری زندگی کا ایک اصول بن چکا ہے۔ چھینکنے کے بعد الحمد اللہ اور چھینک کی آواز سننے کے بعد رحمک اللہ کہنا انسب ہے۔

شگون ذریعۂ تِل سیاہ

یہ بات زیادہ تر دیکھنے میں آرہی کہ بنی نوع انسان میں زیادہ تعداد اس کی ہے جو انسانی جسم پر خال سیاہ کے ذریعہ سے صاحب تل کے بابت شگون حاصل کیا کرتے ہیں اور اس سلسلہ میں ان کی قیاس آرائیاں زیادہ تر صحیح پائی جاتی ہیں لہٰذا جستجوئے بسار کے بعد ایک کتاب کہنہ ایسی ہاتھ آئی جو طب سے تعلق رکھتی تھی چنانچہ اس میں طبائع انسانی پر روشنی ڈالتے ہوئے خال سیاہ کے اوصاف و نقائص پر بھی نظر پڑی جو حکمائے قدیم کے حوالہ جات سے مولف نے سپرد قلم کئے تھے چنانچہ ضرورت فائدہ کے تحت ان کا تذکرہ اس موقع پر ناظرین و ناظرات کیلئے خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔

اگر خال سیاہ کسی شخص کے سر میں دائیں جانب ہو تو اس کی قسمت میں سرداری ہے۔

اگر خال سیاہ کسی شخص کے سر میں بائیں جانب ہو تو اس کا ہاتھ روپیہ پیسہ سے کبھی خالی نہ ہوگا

اگر خال سیاہ کسی شخص کے بیچ سر میں مانگ کے بیچوں بیچ ہو تو اس کے عاقل و فرزانہ ہونے کی علامت ہے۔

اگر خال سیاہ سامنے سر میں ہو تو یہ علامت ہر دلعزیزی کی ہے ۔
اگر خال سیاہ پیشانی پر مقام سجدہ پر ہو تو عالم دین باعمل ہونے کی بشارت دیتا ہے ۔
اگر خال سیاہ پیشانی پر دائیں جانب ہے تو غم اولاد سے دوچار ہوگا ۔
اگر خال سیاہ پیشانی پر بائیں جانب ہے تو تحفظ جان کا ذمہ دار ہے ۔
اگر خال سیاہ ابرو راست پر ہو تو کثیر السفر ہوگا ۔
اگر خال سیاہ بائیں ابرو پر ہے تو تیری کے سفر سے زیادہ تر واسطہ پڑے گا ۔ روپیہ کے حساب ہاتھ آئے گا ۔ زندگی عیش و آرام سے گذرے گی ۔
اگر خال سیاہ مقام سجدہ سے نیچے دونوں ابروں کے درمیان ہے تو آلہ دھاردار سے زخمی ہوگا لیکن جان کا خوف نہیں ہے ۔
اگر خال سیاہ زنخدان پر ہے تو یہ علامت بخیل اور خسیس ہونے کی ہے ۔
اگر خال سیاہ دائیں رخسار پر ہے تو دولت کی فراوانی ہوگی لیکن بہت کم لوگوں کو خوش رکھکر اپنا ہم خیال بنا سکے گا ۔
اگر خال سیاہ بائیں رخسار پر ہے تو محبوب خلائق ہوگا ۔
اگر خال دائیں کان کے بالائی حصہ پر ہے تو دنیادی زندگی اوسط درجہ پر بسر کریگا ۔
اگر خال سیاہ دائیں کان کی لو پر ہے تو مال و دولت قدم چومے گے ۔ دسترخوان وسیع ہوگا یعنی بغیر مہمانوں کے کھانا نہ کھائے گا ۔
اگر خال سیاہ بائیں کان کے بالائی حصے پر ہے تو زیادہ تر امراض کا شکار ہوتا رہے گا ۔ زرکی طرف سے کبھی قدرے قلیل پریشانی رہے گی ۔ رفیق زندگی ترش مزاج ملے گا ۔
اگر خال سیاہ ناک پر بائیں جانب ہے تو آمدنی کے مقابلے میں اخراجات زیادہ ہونگے اہل و عیال کی کثرت پریشانی کا سبب ہوگی ۔
اگر خال سیاہ ناک پر دائیں جانب ہے تو عزیزوں سے آرام پائے گا زندگی خوشی خرم گذرے گی ۔
اگر خال سیاہ پشت گردن پر درمیان میں ہے تو اولاد فرمانبردار اور دولت کی فراوانی ہوگی ۔
اگر خال سیاہ دائیں جانب گردن پر ہو ۔ دولت کی کثرت ہوگی
اگر خال سیاہ بائیں جانب گردن پر ہو ۔ رنج و پریشانی کی علامت ہے ۔

اگر خالِ سیاہ سینہ پر درمیانی حصہ میں ہو روزی میں ترقی ہوگی ۔
اگر خالِ سیاہ سینہ پر بائیں جانب ہے رفیق زندگی سے جدائی ہوگی ۔
اگر خالِ سیاہ سینہ پر دائیں جانب ہے اولاد سے گھر بھرا رہے گا ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں بازو پر ہے کثرت اولاد (اناس) کی علامت ہے ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں بازو پر ہے تو دو شادیاں ہوں گی ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں پہلو پر کہنی کے قریب ہے تو رفیق زندگی باوفا حسنِ سیرت وحسنِ صورت سے معمور. کفایت شعار. جہاندیدہ. بامروّت اور ہر دلعزیز ملے گا ۔
اگر خالِ سیاہ زیر ناف ہے. ذلیل ذلیل و خوار ہونے کی ہے ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر ہے علامت دولتمند ہونے کی ہے ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ہے علامتِ فقر و فاقہ ظاہر کرتی ہے ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں ہاتھ کی کلائی پر سامنے کیطرف ہے دلیل سخی ہونے کی ہے ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں ہاتھ کی کلائی پر پشت کی جانب ہے. عقدہ در جرائم پیشہ مطلب پرست اور دروغگو ہونے کی غمازی کرتا ہے ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں ہاتھ کی کلائی پر پشت پر ہے تو فتنہ پرور ہوگا ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں ہاتھ کی کلائی پر سامنے کیطرف ہے فضول خرچی کی دلیل ہے ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں پیر میں تلوے پر ہے کثیر السفر ہوگا ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں پیر میں کسی جگہ بھی ہوگا مفلسی اور ادبار کا حامی ہوگا ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں پنڈلی پر ہوگا دشمن اور بے آزار ہوں گے ۔
اگر خالِ سیاہ دائیں پیر کی پنڈلی پر ہوگا صاحب نصیب ہونے کی علامت ہے ۔
اگر خالِ سیاہ داہنی ران میں ہے عورت کے بیوہ اور مرد کے صاحب اسپ ہونے کی یہ دلالت کرتا ہے ۔
اگر خالِ سیاہ بائیں ران میں ہے عزیزان نامہربان. مہربان ہوں گے ۔

تمت

پامسٹری

آج تک جس قدر کتابیں اس فن پر ضبطِ تحریر میں لائی گئی ہیں کسی کو بھی وہ مقبولیت حاصل نہیں ہوئی جو ایک مختصر سے وقفہ میں اس کتاب نے حاصل کی ہے قابل مولف نے ابتداء میں جو سولہ تصویریں ملاحظہ کی ہر نکتہ کو واضح کرکے دکھلاتے ہوئے شامل کتاب ہذا کی ہیں اس نے کتاب کی اہمیت میں اور چار چاند لگا دیئے ہیں عام فہم ہونے کی وجہ سے ہر معمولی پڑھا لکھا شخص تھوڑی سی محنت اور توجہ کے بعد ایک اچھا پامسٹ بن کر بہت آسانی کے ساتھ مخلوق خدا کی خدمت کر سکتا ہے۔ ہر ابواب میں متعلقہ مضامین کو بہت آسان اور بہتر طریقہ پر سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے اور اس امر کا کافی لحاظ رکھا گیا ہے کہ مبتدی آسانی سے ہر بات کو سمجھ سکے۔

قیمت آٹھ روپے

نقش سلیمانی

مکمل مجلد چار حصے

یہ کتاب محتاج تعارف نہیں ہے اسی لئے کہ آج سے پچاس سال پہلے بھی یہ عملیات کی دنیا میں مقبول ہو کر سرفہرست رہ چکی ہے ۱۹۴۷ء کے بعد ایک عرصہ کے لئے نایاب ہو کر بعد صرف زرکثیر ایک پرانے اور شکستہ نسخہ سے مدد لے کر بذریعہ مولف عالمِ عملیات سید رضی حسین رضی جونپوری نظرثانی کرا کر بعد تصحیح طبع کرائی گئی جو ہاتھوں ہاتھ اپنے قدردانوں کے پاس پہونچ کر دہی شرف قبولیت حاصل کر رہی ہے جو اس کو پہلے حاصل تھے سہل الاصول طریقے، تیر بہدف نقوش اور گرانمایہ عملیات سے یہ کتاب مزین ہے اور ہر آڑے وقت میں ایک بہترین ہمدرد کی صورت میں صحیح رہنمائی کرتے ہوئے ہر تکلیف کا ازالہ کرنے کیلئے کافی ہے اس جہت سے ہر گھر میں کم از کم اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت:- تیس 30 روپے

عجائبات الو (مجلد)

قیمت:۔ آٹھ روپے علاوہ خرچ ڈاک

پرندہ الو کی ماہیت سے آگاہ کرنے اور اس پرندہ پر عمل کرنے نیز اس کے ہر ہر عضو کے فوائد اور نقصانات کے بابت جملہ معلومات نیز اسی قسم کے ادعیہ و نقوش سے بھرپور یہ کتاب آپ کی ہر ضرورت کیلئے بہت کارآمد ہے۔

تردید سحر

ہدیہ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

جادو، ٹونہ، ٹوٹکہ۔ عملیات سفلی کے ناقص اثرات کو کلیتہً زائل کرنے والی یہ کتاب اپنی زود اثر دعاؤں کے تحت اس قدر جلد شہرت یافتہ ہوئی ہے جو کسی دوسری کتاب کو حاصل نہیں ہے یہ ایک کارآمد کتاب ہے جو ہر موقع پر کام آئیگی

گوہر سلیمانی

ہدیہ:۔ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

جناب رضی جونپوری کی نئی تالیف جسمیں دعاؤں اور آزمودہ نقوش کے علاوہ ان ابجد کے چہروں پر سے نقاب اٹھائی گئی ہے جسکو علمائے جفر نے اس علم کی بنیاد قرار دیا ہے ضرورت کے تحت دعائیں اور نقوش بھی تحریر کئے گئے ہیں جو آپ کی ہر مشکل کو حل کرنے کے لئے کافی ہیں طریقے بھی نہایت سہل اور غیر مضر ہیں۔ اس نایاب تحفہ کو ضرور حاصل کیجئے

نقش روحانی

ہدیہ:۔ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

کتاب مندرجہ اشتہار ہذا میں وہ تمام روحانی نسخے تحریر کئے گئے ہیں جس کی ضرورت کم و بیش زندگی کے کسی نہ کسی دور میں ہر امیر و غریب کو پیش آتی رہتی ہے چنانچہ ہر درد کا مداوا اس کتاب میں آپ کو ملے گا۔

نقش قرآنی

ہدیہ آٹھ روپے علاوہ خرچ ڈاک

عملیات کا یہ بیش بہا نسخہ اپنی مقبولیت کی بنا پر اس دنیا میں ایک ہلچل مچائے ہوئے ہے اور ہاتھوں ہاتھ اپنے شائقین تک پہونچ کر عوام الناس کو برابر فائدہ پہونچا رہا ہے آپکو آپکے ہر ضرورت کی چیزیں اسمیں ملیں گی۔

پتہ:۔ امین برادرس ناشران و تاجران کتب $\frac{205}{145}$ آرام باغ روڈ۔ نزد حبیب بلڈنگ۔ کراچی نمبر ۱

تسخیر دل

ہدیہ:۔ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

محبت کے سہل الاصول عملیات اور نقوش سے مزین یہ کتاب محبت کے مارے ہوئے دلوں کے لئے تریاق کا کام کرتی ہے بگڑے ہوئے گھر بن جاتے ہیں۔ دشمنی کا نام نہیں رہتا اور... سرکش معشوق جو بات کرتا تھا قدموں پر سر رکھ دیتا ہے۔ کامیابی قدم چومنے لگتی ہے۔

پامسٹری اور علم قیافہ

ہدیہ:۔ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

قیافہ شناسی اور علم بد پر لکھی ہوئی یہ کتاب اس منزل میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ سب سے بڑی خوبی مولف نے اس کتاب میں یہ رکھی ہے کہ چند مرتبہ کے مطالعہ سے آپ بغیر استاد کے ایک اچھے قیافہ شناس اور پامسٹ بن کر دوسروں کے فائدے کا باعث بن سکتے۔

جدید مسمریزم

قیمت چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

بغیر استاد کے مسمریزم سکھانے والی یہ کتاب اس علم کے ان تمام قواعد و ضوابط سے مرتب ہے جس کی ضرورت ہر مبتدی کو شروع شروع میں پیش آتی ہے۔ کتاب میں لکھی ہوئی ہدایت کے ماتحت اگر آپ نے بغیر عجلت کے عمل کیا تو ہم یہ بات وثوق کے ساتھ کہنے کے لئے تیار ہیں کہ آپ چند روز میں اس علم کے ایک اچھے خاصے عامل بن جائیں گے۔

عملیات محبت

ہدیہ:۔ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

یہ کتاب جو مکمل طریقہ پر محبت کے نقوش اور دعاؤں کی آئینہ دار ہے کتاب "تسخیر دل" کا دوسرا حصہ ہے جسمیں مزید دعائیں و نقوش بحساب کواکب و طالع تحریر ہو کر رہنمائی کرتی ہیں۔

نابشر سلیمانی

ہدیہ چھ روپے علاوہ اخراجات ڈاک

ضروریات خانگی کے تحت یہ کتاب ان تمام نسخوں سے لبریز ہے جن کی ضرورت زندگی کے ہر گوشے میں انسان کو پیش آتے رہتے ہیں۔ اور یہ رسالہ ایسی تمام ضروریات کے پورا کرنے پر حاوی

پتہ:۔ امین برادرس ناشران و تاجران کتب $\frac{P.O.}{125}$ آرام باغ روڈ۔ نزد حبیب بینک کراچی نمبر ۱

طلب کیجئے! کس کتاب کی آپ کو ضرورت ہے

نمبر	نام کتاب	قیمت
۱	جواہر خمسہ اصلی	۳۵—۰
۲	کنز الحسین (اردو ترجمہ)	۲۵—۰
۳	رموز جفر	۳۰—۰
۴	مفتاح الجفر مجلد	۳۰—۰
۵	مفتاح النجوم	۱۰—۰
۶	تسخیر کواکب	۱۰—۰
۷	حرز سلیمانی	۳۰—۰
۸	اکسیر العملیات	۲۵—۰
۹	تسخیر العملیات	۱۶—۰
۱۰	اعجاز العملیات	۱۶—۰
۱۱	اسرار العملیات	۱۶—۰
۱۲	طب روحانی	۱۲—۰
۱۳	وظائف اولیاء	۱۰—۰
۱۴	عملیات اولیاء	۱۲—۰
۱۵	آئینہ انگشتری	۱۲—۰
۱۶	نقش سلیمانی مجلد	۳۰—۰
۱۷	عجائبات الو	۸—۰
۱۸	تسخیر جنات	۱۰—۰
۱۹	تسخیر ہمزاد	۸—۰
۲۰	تسخیر دل	۸—۰
۲۱	تسخیر القلوب	۸—۰
۲۲	اصطلاح العملیات	۱۰—۰
۲۳	اسم اعظم	۸—۰
۲۴	تاثیر سلیمانی	۶—۰
۲۵	عملیات ربانی	۱۲—۰
۲۶	نقش روحانی	۶—۰
۲۷		
۲۸		
۲۹	نقوش محبت	۸—۰
۳۰	طلسمات عجائب	۱۲—۰
۳۱	خزینہ عملیات	۸—۰
۳۱	صوفیائے کرام کے وظائف	۱۵—۰
۳۲	گنجینۂ الفت	۸—۰
۳۳	آئینہ عملیات	۱۲—۰
۳۴	گنجینۂ عملیات	۱۲—۰
۳۵	وظائف و عملیات رحمانی	۱۵—۰
۳۶	مکمل اندرجال (اصلی)	۱۶—۰
۳۷	جدید مسمریزم	۸—۰
۳۸	اندر جال	۸—۰
۳۹	پامسٹری علم قیافہ	۸—۰
۴۰	تردید سحر	۶—۰
۴۱	الحاجات	۶—۰
۴۲	عملیات محبت	۸—۰
۴۳	خزانہ آیات نور	۸—۰
۴۴	تسخیر سفلی	۱۰—۰
۴۵	نقش الحروف	۱۰—۰
۴۶	خواب نامہ یوسفی	۱۰—۰
۴۷	فالنامہ قرآنی	۸—۰
۴۸	مصر کا جادو کلاں	۱۲—۰
۴۹	بڑا خواب نامہ	۱۲—۰
۵۰	قانون محبت المعروف کالا جادو	۱۰—۰
۵۱	گھر کا مداری	۲—۰
۵۲	مصر کا جادو	۲—۰
۵۳	ہمالہ کا جادو	۲—۰
۵۴	چمن بنگال کا جادو	۲—۰
۵۵	بنگال کا جادو	۲—۰
۵۶	جادو کے کھیل	۲—۰
۵۷	نقش معظم	۸—۰
۵۸	گنجینۂ عملیات }	
۵۹	وظائف قادری }	۲۰—۰
۶۰	عملیات مشکل کشا	۸—۰
۶۲	وظائف حل المشکلات	۱۰—۰

امین برادرس ناشران و تاجران کتب پوسٹ بکس ۱۴۵ آرام باغ روڈ کراچی